انجمن خادم الحکمت شاہدرہ لاہور

کے

جلسہ سالانہ سنہ ۱۹۲۴ء کی مکمل رپورٹ

الموسوم بہ

اسرار الخفی

جس میں ممبران انجمن خادم الحکمت کے مضامین کے علاوہ استاد الاطبا بانی انجمن حکیم احمد الدین صاحب۔ موجد طب جدید کے معرکۃ الآراء مضامین درج ہیں جس میں طب جدید عالمگیر نوعیت اور دوسرے طبوں کے مقابلہ میں اسکی فوقیت پر کافی روشنی ڈالی گئی ہے۔ اور ہر ایک صاحب حکمت کو طب جدید سے وابستہ ہونی کی ضرورت بتائی گئی ہے۔ علاوہ ازیں ممبران انجمن اور خاصکر بانی انجمن کے صدری اور اسراری مجربات برائے افادۂ عوام درج ہیں۔

قیمت ۱۲ر

ملنے کا پتہ

جنرل منیجر رسالہ تبصرۃ الاطبا کارخانہ انجمن خادم الحکمت شاہدرہ لاہور

مطبوعہ کواپریٹو سٹیم پرنٹنگ پریس لاہور باہتمام میاں فیروز الدین صاحب منیجر

طب جدید کی نادر اور قابل دید کتب
کلیات طب جدید
(مصنفہ)
(استاد الاطباء حکیم احمد الدین صاحب موجد طب جدید)
اگر آپ صحیح معنوں میں طبیب بننا چاہتے ہیں۔ تو کلیات طب جدید کو ملاحظہ فرمادیں۔ اس میں طب جدید دیسی کے وہ تمام علمی مضامین اور قوانین علاج جن کا جاننا ہر ایک طبیب کے لیے ضروری اور لابدی ہے بوضاحت بیان کئے گئے ہیں۔ عرصہ سال سے یہ کتاب زیر تصنیف تھی لیکن خدا کا شکر ہے۔ کہ اب عنقریب شائع ہونے والی ہے۔ شائقین جلد از جلد درخواستیں بھیجکر ممنون فرمادیں۔ جو اصحاب مبلغ تین روپیہ پیشگی بذریعہ منی آرڈر ارسال فرماویں گے۔ ان سے خاص رعائیت کی جاویگی
(زیر طبع) قیمت سے روپیہ
کتاب الاوجاع موجود ہے۔
(مصنفہ)
(عالیجناب استاد الاطباء حکیم احمد الدین صاحب موجد طب جدید)
اس کتاب میں اوجاع کے اقسام بمعہ اسباب و طریق علاج درج ہیں۔ اسکتاب کا کچھ حصہ تبصرۃ الاطبا کی جلد اول و دوم و سوم میں شائع ہوتا رہا ہے۔ اب ان مضامین کو بمعہ مفید اضافات کے کتابی صورت میں لاکر نیز باقی ماندہ امراض الاوجاع کو درج کر کے مصنف موصوف نے نہایت عرق ریزی سے اس کتاب کو مکمل کر دیا ہے۔ اور حاملان طب جدید کے لیے ایک صحیح دستور العمل مندرج کر دیا ہے۔ امید ہے۔ کہ قدر دان اصحاب اسکتاب کو ملاحظہ فرمانے کے بعد نہایت محظوظ ہونگے۔ کتاب زیر طبع ہے۔ شائقین جلد از جلد درخواستیں بھیجکر ممنون فرماویں۔ تاکہ طبع ہونے پر ارسال خدمت کر دی جاوے۔

کس منہ سے کہوں لائق تحسین ہوں میں
کیا لطف جو گل کہے رنگین ہوں میں
اصلی کیمیا گری
ظہیر الکیمیاء
ایک نہایت قدیم و نایاب کتاب کا فوٹو سٹیٹ مجلد
عمل و تجربہ کی ایک تفصیلی کتاب، احوال قدرت (نیچر) علم کیمیا کا تاریخی حال، اصطلاحات کیمیا اور جنتروں کا بیان، دوازدہ (۱۲) صناعات کیمیا، تقطیر، تصویل، تلغیم، تسویہ، تصعید، استنزال، تصدیہ، تثبیت، تکلیس، تحلیل، تعقید، تشمیع کا اظہار فلزات سبع کی تفصیل کے علاوہ پارے کے اعمال اکسیری، قیام تکلیس وغیرہ، اکسیر اعظم، بزرگوں جوگیوں سنیاسیوں کے مجرب اعمال و تجربات سینکڑوں قدیم کتابوں کا نچوڑ ہزاروں تجربات، دھاتوں اور جواہرات کے کرشمے الوپ، انجن، طلسمات اور نظروں سے غائب ہونے کا ایک قدیم طلسم، خزائن ارض، مشاہدہ غیوب اسرار، دیدار عالم غیب پریاں، علم اکسیر و طریق دعوت و اعمال کیمیا، وعمل ملاقات حضرت خواجہ خضر علیہ السلام وغیرہ۔
صفحات:- ۶۰۶
ڈاک خرچ بذمہ خریدار
قیمت: ۵۷۵ روپے
علم کیمیا، طب وعملیات کی مکمل فہرست کتاب کے ہمراہ روانہ ہوگی
کتب خانہ شان اسلام
۱۰۔ راحت مارکیٹ، چوک اردو بازار لاہور پاکستان، فون ۷۳۵۱۱۲۰

زمرہ کو دل سے دُور کر کے بہت جلدی تمام مجربات کو طب جدید عالمگیر کی آڑ میں آکر ایک بار جمع کر کے دکھا دو۔ خواہ ایسے نسخہ جات کسی قسم کی طب سے متعلق بھی مجرب ثابت کیوں نہ ہو چکے ہوں۔ علی ہذا القیاس ہمارے رگ اور لائق ترین قابل قدر طب قدیم کا ایسا شیرازہ منتشر ہو چکا ہے۔ کہ دوبارہ بچنے کا کسی طرح سے نام ہی نہیں لیتا۔ مضمون طویل ہو رہا ہے۔ ان خرابات کی نسبت پھر کبھی بوقت فرصت عرض کروں گا۔ سردست میری تمنا طبابت قدیم کی نسبت پھر ایک مرتبہ اسی طرح اعلیٰ پایہ پر دیکھنے کو ہو رہی ہے۔ بلا سے اگر ہم نہیں تو ہماری آئندہ نسلیں ہی اس کو عروج پر دیکھ کر ہمیں دعائے خیر سے تو یاد کر سکینگی۔ پس ہر ایک صاحب بخل کو دُور کر کے ہر ایک حکیم صاحب و وید صاحب اور دیگر طبابت پیشہ جو ابھی ممبر انجمن خادم الحکمت نہیں ہوئے۔ فوراً شامل ہو کر جناب موجد طب جدید کا ہاتھ بٹائیں۔ اس سے بڑھکر اور اعلیٰ کوئی موقع نہیں۔ ؎

اوج عزت پہ اگر اہل وطن جا پہنچیں کس لئے دست نگر غیر اجانب کے ہیں

اس کے بعد تجاویز پیش ہوئیں۔ جن پر ایک محرک نے مختصر لیکن معنی خیز تقریر اپنے ریزولیوشن کے آغاز میں کر کے اپنی تحریک کو پیش کیا۔ جو کہ تائید اور تائید مزید سے پاس ہوئیں۔

تجاویز انجمن

(۱)۔ انجمن کا ایک خاص فارم کو بنایا ہو۔ اور ہر ایک ممبر اسی کا استعمال کرے۔ محرک جناب سید فضل حسین

(۲)۔ ہر ایک ممبر کو قواعد و ضوابط و تو اعد انجمن کی پابندی لازمی ہے۔ بصورت انحراف زمرہ ممبران سے خارج کیا جائیگا۔ محرک مولوی عبد الغنی صاحب۔

(۳)۔ سال آئندہ سے رسالہ ہذا کے اخراجات کے انتظام کے تمام ممبر کفیل ہوں۔ اور بانی انجمن کو تصنیف و تالیف کیواسطے فارغ کیا جائے۔ اور اُن سے عرض کیجائے کہ نصاب جلد از جلد مرتب کریں۔

(۴)۔ ہر ایک ممبر کو امتیازی سندات عطا ہوں۔ محرک جناب حکیم شیخ غلام محمد صاحب۔

(۵)۔ رسالہ سہ روزہ ہونا چاہیئے اور اسکو مرغوب الطبع اور ہر دل عزیز بنایا جاوے۔ محرک جناب شیخ سلام الدین

(۶)۔ مرحومین کے پس ماندگان سے اظہار ہمدردی۔ مثلاً اہلیہ مرحوم مدیر المعالج امرتسر حکیم غلام رسول مرحوم ناظم مشیر الاطباء محرک بانی انجمن۔

اس کے بعد نمائش کا وقت تھا۔ حکیم لالہ گنگا رام صاحب کے زیر اہتمام نمائش کی کارروائی نہایت خوش اسلوبی سے سر انجام پائی۔ مندرجہ ذیل اشیاء از قسم نباتات و معدنیات و فلزات و دیگر عجائبات اس نمائش کو زینت بخش رہی تھیں۔ انجمن اُن تمام اصحاب کا تہ دل سے شکریہ ادا کرتی ہے۔ جنہوں نے تکلیف اُٹھا کر اس فنی خدمت کو بجا لانے میں سعی بلیغ فرمائی۔ اور اپنے اشیاء نادرہ سے ہر ایک ناظر کو مشکور و احسانمند بنایا۔

اشیاء نمائش منعقدہ بر جلسہ انجمن خادم الحکمت ۲۳ اکتوبر ۱۹۲۶ء شاہدرہ لاہور

از جناب حکیم و ڈاکٹر محمد یوسف حسن صاحب سب ایڈیٹر حامی الصحت و مہتمم دار التجارب لاہور

مندرجہ ذیل تمام بوٹیاں انگریزی طریقہ پر خشک کر کے کاغذی تختوں پر نہایت موزوں شکل پر چسپاں تھیں اور اُن پر اُن کے عام فہم نام اور انگریزی نام جائے پیدائش وغیرہ درج تھے۔ جو ناظرین کی واقفیت میں نہایت مفید اضافہ تھا۔ نیز لگائی اس طریقہ سے گئی تھیں۔ کہ اُن کی شکل پھل پھول سب تازہ اور اپنے رنگ روپ میں دکھائی دے رہے تھے۔

جڑی بوٹیاں

جنگلی پالک۔ گیدڑ تمباکو دو قسم۔ ناگ بلا۔ بھلاوہ۔ لوبٹ بوٹی۔ برہمی۔ اونٹ کٹارہ پھل خرید بوٹی۔ لونک۔ داد ماری۔ سدا آب۔ لانہ بھٹکیا۔ سہد لوی۔ کنگھی۔ نکچھکنی پتن بید مکن۔ ہاتھا جوڑی۔ بال رکھشا دو قسم۔ ارلو۔ جنگلی مرچ۔ ارک پتی۔ سنگھ پتی۔ مرچیا گند کاکہ چنگیا۔ ہزار دانہ۔ گلاب زرد۔ گلاب سبز۔ گلاب سفید اک سفید گل۔ باندرو دو قسم شلکنٹھی دو قسم۔ نیل کسوندہ کرندہ دیسی۔ تین پتی سات قسم زخم حیات کوہی۔ ستھرت ارجن بھل بوٹیل۔ بن جنگلی پیاز۔ اٹ سٹ۔ دھتورہ سفید گل۔ دھتورہ سیاہ گل کیکر بید

کھیلی دو قسم - پودینہ نہری - اکاس بیل - موتی لانی - تلسی سفید - تلسی سیاہ - پپٹ لوٹی
قسم دوم - گل بنفشہ دو قسم - بابونہ - اشرفی - مور سکھی - گلصد برگ - بانسہ - گوبہ دودیک
شبت - کاسنی - ترشک - اجوائن خراسانی - ترشک سفید - گل اسگندھ - شال پرنی
بچھوا ناگدون - کلونجی - پودینہ کوہی - چاکسو - ہلیوں - سنوار بھیل - اکسن لاہوری -
چترا سیاہ - گل چترا سفید - گل دودھک سیاہ - قنب سمندر سوکھ - بیپلک لانہ
افسنتین - بیپلک جنگلی - باورنجبویہ - اجوائن دیسی - کمیلا - باقلا - پوست گل لالہ -
گنڈ بازی - سفید گل - بتھیر جیا - السی خطمی خبازی - گل دستر - لبستان افروز - گل داؤدی
گل خیرہ - سانپنی - سانپ بوٹی - زرد مرغا - سیب گنجہ - پالک دشتی - پیازی - ہرن کھری
اکسن - نکمن - نرگس - نربسی - اسپغول دو قسم - شقاقل - موصلی سفید - گدا بوٹی - کنیر
سفید گل - کنیر زرد گل - برسیاوشان - بھنگرہ سفید گل - بانسی - گل عباسی - کھورجا
گلاب قسم اعلیٰ - سنگھرہ سیاہ - بگھباڑی جنڈ - گدڑ داکھ - لاجونتی - اسطخودوس
رتن جوت - بال سیاہ - مکوہی - گورکھ پان - کوڑی بوٹی - وغیرہ -

منجانب حکیم پنڈت میلا رام صاحب شرما

سرہالہ کلاں چک نمبر ۲۲۴ لائلپور

اک سن - کنگھی - جل نم - مکوتی - نامعلوم نام - ہیر بیل - ہاتھی سنڈی - سداب
سہپریوی - سنگ لشی - پرہمڈنڈی - ہیرل - ہتھیل مچھی بھل - ارنی بوٹی - رم بوٹی
قسم دوم - نعناع - بھارا اشٹری - نکن - برہمی دھمانسہ -

تفصیل مرکبات و کشتہ جات

(۱) منجانب حکیم سید مفضل حسین صاحب (موجد حیات نسواں) امرتسر

اور ان کے شاگرد رشید پنڈت جیون رام صاحب حکیم واہگہ

فولاد شنگرفی - رسکپور کشتہ نقرہ - دار چکنا - ریزہ نگ جواہرات - مرگانگ - کشتہ سم الفار
کشتہ طلق - سیماب کشتہ - کشتہ ہڑتال طبقی جیتی - سفید رس سفید - کشتہ شنگرف سفید - فولاد شنگرفی
شاہ دیمک - حب ممسک بلا خوردن عجیب و غریب - مرہم رتن جوت - مرہم رال - منجن عمدہ -

حب وجع المفاصل - سفوف ضیق النفس - حب آتشک - نکسوا میکا اکسیر الدم
روغن محلوق - حب وجع الکلیہ - بواسیر - حب حیات نسواں - کندن تریاق وجع الفواد

(۲) منجانب حکیم و ڈاکٹر محمد یوسف حسن صاحب مہتمم دار التجارب لاہور

کشتہ طوطیا بزنگ سرخ - کشتہ طوطیا کافور والا بزنگ زرد - کشتہ طوطیا بزنگ
کشتہ ہڑتال ورقی بزنگ سفید - کشتہ پارہ - کشتہ سم الفار سندور والا - کشتہ ابرق
کشتہ ابرق سفید نیم والا - کشتہ مس بزنگ سفید - کشتہ قلعی نیم والا - کشتہ قلعی پارہ
شورہ والا - کشتہ قلعی پوست بیضہ والا - کشتہ قلعی مدار والا - کشتہ یاقوت - کشتہ زہر مہرہ
خطائی - کشتہ عقیق - کشتہ چاندی والا - کشتہ مرجان - کشتہ سنگ جراحت زخم حیات
کشتہ سنگ جراحت مدار والا - کشتہ ہڑتال گئودنتی - کشتہ سنگ یہود - کیلا وتر والا
کشتہ صدف - کشتہ سنکھ مدار والا - کشتہ یشب - کشتہ سرمہ سفید - کشتہ سکہ بزنگ
سنہری مدار والا - کشتہ فولاد ہاتھی سونڈی والا - کشتہ مسہ دھاتہ - کشتہ چہار دھاتہ
کشتہ ہڑتال مرکب - کشتہ سنگرف سفید - کشتہ عقیق سفید مدبر سرخی مائل
کشتہ پارہ سنکھیا - کشتہ پوست بیضہ مرغ - کشتہ خبث الحدید مدبر - کشتہ فولاد بہ
آتش والا - کشتہ فولاد بہ آتش والا - کشتہ سم الفار شورہ قائم والا - کشتہ سم الفار
بوٹی والا - کشتہ پنج ادھات - کشتہ شنگرف پوست بیضہ والا - کشتہ نقرہ - کشتہ مرجان
جواہر والا - کشتہ عقیق زعفران والا - کشتہ فولاد شنگرفی ✢

(۳) منجانب شرکایان کویراج ہرنام داس جی - بی - اے لاہور

رس سندور - مکر دھوج - سورن سندری - لیبل نہایت نفیس

منجانب حکیم محمد عبد الغنی صاحب جھیور انوالی ضلع گجرات

اٹلس تشریح اعضائے جسمانی - نقشہ اعصاب - نقشہ اعضائے آلبہ ایک
پرانی بیاض قلمی -

منجانب شیخ غلام محمد صاحب حکیم راولپنڈی

ایک نہائیت پورانی بیاض وقرابادین۔ قلمی مصفا و دیگر کشتہ جات نہائیت ہی اعلےٰ قسموں کے تیار شدہ۔

چونکہ جناب حکیم شیخ غلام محمد صاحب آف راولپنڈی و جناب حکیم ملک نور عبداللہ صاحب آف کسراں ضلع اٹک کی اشیاء کی فہرست نہیں ملی گئی۔ لہذا ایہاں درج نہیں ہو سکی۔

(گنگا رام حکیم)

بعد از نمائش شکریہ منجانب بانی انجمن آمدہ مہمانوں کا ہوا۔ اور خداوند کی درگاہ میں ہر ایک نے دعا مانگی کہ انجمن مذکور کو اپنی رحمت و شفقت سے ترقی بخشے جبکہ جلسہ بخیر و خوبی اختتام پایا

معذرت

چونکہ یہ رسالہ بہت ضخیم ہو چکا ہے۔ اس واسطے مجربات کا اندراج نہیں کیا گیا۔ بکیم اپریل کے رسالہ میں تمام مجربات لکھے جائیں گے۔ جو کہ بطور ضمیمہ کے اس رپورٹ کے ساتھ لگایا جا سکتا ہے۔

(مدیر)

انجمن خادم الحکمت شاہدرہ کی مجلس مشاورت کا انعقاد

نمائندگان کو شمولیت کی دعوت

(ہر حلقہ اپنا نمائندہ ضرور بھیجے)

مجلس مشاورت انجمن خادم الحکمت شاہدرہ (لاہور) مورخہ ۲۱ و ۲۲ مارچ سنہ ۱۹۲۴ء کو منعقد ہو گی۔

مندرجہ ذیل اضلاع کے ممبران انجمن موصوف اپنی اپنی طرف سے ضرور ایک ایک نمائندہ شاہدرہ میں بھیجنے کی کوشش فرمائیں۔

کیمبل پور۔ راولپنڈی۔ جہلم۔ گجرات۔ سیالکوٹ۔ جموں۔ گوجرانوالہ۔ لاہور۔ شیخوپورہ۔ لائلپور۔ جھنگ۔ سرگودھا۔ شاہپور۔ منٹگمری۔ فیروزپور۔ امرتسر۔ جالندھر۔ ہوشیارپور وغیرہ

دور کے اضلاع سے بھی اگر ممکن ہو تو مجلس مشاورت میں شمولیت کی کوشش کریں۔

مشورہ طلب امور یہ ہونگے:

(۱)۔ تجاویز انجمن پاس کردہ بر جلسہ اکتوبر سنہ ۲۳ء کو عملی جامہ کیونکر پہنایا جائے۔

(۲)۔ انجمن کی ابتدائی تجاویز مندرجہ تحفۃ الاطباء اور ہدیۃ الاطباء پر ممبران انجمن کا پورے طور پر عملدرآمد نہیں۔ اس پر کیونکر تمام ممبران بالاتفاق عمل پیرا ہو سکتے ہیں۔

(۳) انجمن کا حلقہ تمام ملک میں وسیع کرنیکے واسطے آئندہ انجمن کو کیا کچھ کرنا چاہیئے۔

(۴) عملی کارگزاری کے لئے ایک کارکن کمیٹی کا تقرر ضروری ہے۔

نمائندگان کا فرض ہے کہ وہ انکے متعلق اچھی طرح سے غور کر کے آئیں۔

خاکسار احمد الدین بانی انجمن

(عطیہ منجانب حافظ محمد پہلوان صاحب گھوڑی)

(۱) **نسخہ جریان:** تخم سریالہ ۲ تولہ - سمندر سوکھ ۴ تولہ - تخم بجیند ۲ تولہ - تخم نبنگ ۲ تولہ باریک کرکے سفوف بنا دیں - خوراک ۶ ماشہ ہر صبح ہمراہ تازہ پانی یا دودھ -

(۲) **مقوی باہ** - چالیس سال کے بعد والے استعمال کریں تو زیادہ موثر ہے بالخصوص بلغمی مزاج کے لئے - سم الفار سفید ۲ ماشہ - افیون ۶ ماشہ - زعفران ۲ ماشہ سب کو ایک چھٹانک عرق گلاب اور آب پیاز آب ادرک - شراب برانڈی علی التواتر ایک ایک چھٹانک میں کھرل کریں اگر شراب برانڈی سے پرہیز ہو - تو آب ادرک دس تولہ کر لیویں - گولیاں بقدر ماش بنا دیں - ایک گولی ہمراہ دودھ کھلا دیں - لیکن اسصورت میں پہلے جب کہ کچھ کھا لیا گیا ہو - غرضیکہ نہار منہ نہ کھا دیں -

(۳) **نفوخ برائے درد عصابہ** - زیرہ سیاہ ۱ تولہ - نمک سندھا ۳ تولہ ہر دو کو باریک سفوف کرکے نفوخ بنا دیں

(۴) **کثرت احتلام** - پوست خشخاش - خشخاش سفید - کشنیز - نمک ملیح مساوی الوزن کا سفوف بنا کر ۳ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں

نوٹ - قبض کا خیال رکھیں -

عطیہ منجانب سردار ٹھاکر سنگھ صاحب دفعدار پنشنر سیالکوٹ

(۱) میں ایام ملازمت میں ایکدفعہ برائے کار سرکار منڈی چوب فیض آباد میں گیا - اور کٹائی کے لئے جب جنگل میں گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک جگہ کافی سے زیادہ بندر اکٹھے ہیں - لہذا تحقیق حال معلوم کرنے کے لئے نزدیک گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایک بندریا زمین پر پڑی ہوئی بیچینی سے تڑپ رہی ہے - اور دوسرے اس کے گرد گھیرا ڈالے بیٹھے ہیں جیسے کہ ایک بیمار کے گرد ہوتے ہیں - میں معاملہ سے باخبر ہونے کے لئے لکڑیوں کی آڑ میں بیٹھ کر انتظار کرنے لگا اتنے میں چند بندر دوسری طرف سے آتے ہوئے معلوم ہوئے جن میں ایک بوڑھا معلوم

ہوتا تھا - اس بوڑھے بندر نے اس بندریا کو دیکھا - اور ایک طرف جنگل میں چلا گیا - تھوڑی دیر میں وہ ایک بوٹی کو اکھاڑ کر لایا - اور اس بندریا پر لپیٹ دی - اس کے تھوڑے ہی وقت بعد بندریا چنگی بھلی ہو کر اٹھ بیٹھی - آپ حیران ہونگے کہ معاملہ کیا تھا - بات یہ تھی - کہ بندریا عسر ولادت سے تکلیف اٹھا رہی تھی - بس بوٹی کو گرد لپیٹنے سے وضع حمل ہو گیا - اور وہ اٹھ کر ایکطرف کو چل دی - اور سب بندر بھی اپنی اپنی راہ لیکر چلے گئے - میں بغرض دریافت اسطرف گیا اور اس بوٹی کو تلاش کرکے لایا - اور اسے انسانی جماعت کی اسی تکلیف پر آزمانے پر ویسا ہی نتیجہ دیکھا - صاحبو میں آپ کو زیادہ پریشان کرنا نہیں چاہتا - وہ بوٹی - چرچٹہ - دو نگا - پٹھ کنڈا - خلد واژ گونہ - کچھ بھی کہہ لو تھی - جو بالعموم ہر جگہ ملتی ہے - اسے آزماؤ اور خلق خدا کا بھلا کرو - اور دیکھو پرماتمانے ان معمولی نباتات میں کیسی حیرت انگیز صفات ودیعت کر رکھی ہیں - لہذا اسکی قدرت کی کوئی انتہا نہیں -

حمل میں نر و مادہ کی پہچان - یہ ایک سنیاسی کا بتلایا ہوا چٹکلہ ہے - جو کہ ہماری فوج کے درمیان ہی واقع ہوا تھا - ہمارے ایک کے لڑکا نہ ہوتا تھا - اب اسکی عورت حاملہ ہوئی تو وہ بڑے شوق سے اس امر کی ٹوہ میں تھا - کہ کیا ممکن ہے کہ وضع حمل سے پہلے ہی صحیح طور پر یقین ہو جاوے - کہ حمل میں کیا ہے - اسی خیال میں انہوں نے ایکدن ہمارے پوجنیہ مہربان سنیاسی جی مہاراج سے ذکر کیا - وہ فرمانے لگے واہ جی واہ یہ بھی کوئی مشکل بات ہے - تو شخص مذکور نے نہائیت حیران ہو کر کہا - کہ میں جی تو اسے ناممکن ہی سمجھتا ہوں ہاں اگر کسی ذریعے سے پتہ مل سکتا ہو تو شائد - لیکن سوامی جی نے کہا - ہم بتلا دینگے - آخر انہوں نے مجھے فرمایا کہ کہیں لاجونتی دیکھی ہے - میں نے کہا دیکھی ہے - مجھے فرمایا کہ بس وہ اکھاڑ لاؤ - وہ اکھاڑ کر انہوں نے حسب ذیل ترکیب سے بتلا دیا - کہ حمل میں نر ہے یا مادہ - ایک پودا لاجونتی کا لیکر عورت حاملہ کو اس کے پاس سے اسطرح گذاریں - کہ سایہ پودے پر پڑے - اگر پودا مرجھا جاوے تو جانیں لڑکا ہو گا ورنہ لڑکی -

نکتہ - لاجونتی دو قسم کی ہوتی ہے - ایک خاردار جو کہ عام ہے - دوسری بے خار جس میں مذکورہ بالا خواص ہے - اور بس -

لعاب دہن میں حل کرکے ملالا کریں۔ بعد خشک ہونے کے مستعمل............ ہوں مقدار ۱ رتی مدد کے

(۴) **کشتہ مس** ۔ مس عمدہ تولہ ۔ مغز حب الملوک ۔ بھلاوے ۔ ان کو کوٹ کر زیرہ بالا مس کے کر لیویں۔ قلعی ایک چھٹانک کی دو پیالیاں بنوا لیویں۔ اور اس میں مذکورہ بالا نقدہ جس میں کہ پیسہ رکھدیا گیا ہو۔ رکھدیں۔ اور ایک سیر چھیچھڑے اس پر لپیٹ دیں اور ایک انگارہ سے آگ لگادیں۔ اور محفوظ مقام پر رکھدیں۔ انشاءاللہ برنگ سفید ہوگا۔

(۵) **نوع دیگر** ۔ گندل زانی کوٹ کر اسکا پانی نکالیں۔ ایک نہایت باریک پتا تانبہ کا بنواکر اور گرم کرکے بجھا دیویں ایک بار۔ اسیطرح یکصد تشویہ دیں۔ اور اسی کے نغدے میں رکھ کر گجیٹ کی آنچ دیویں۔ کشتہ سفید ہوگا۔ اگر کچا رہے تو ایک اور آگ دیویں۔

(۶) **نوع دیگر** جال گوٹ کے تازہ پھول تیلا پترا تانبا کا بنواکر گجیٹ کی آگ دیویں سفید ہوگا۔ اسی طرح مغز حب الگوٹ (۵ تولہ) میں بھی ہوسکتا ہے۔

نوٹ ؛ دو نسخہ جات اور جن کا کہ عوام کے اخلاق پر اچھا اثر نہ پڑنے کا اندیشہ تھا۔ لہذا طبع سے منع فرمادیا تھا۔

منجانب حکیم نور عبداللہ خان صاحب موضع کسران (ضلع اٹک)

(۱) **حصاۃ** کلگری۔ پتھری اور درد گردہ کے لئے مفید ہے۔ پچاس آدمی پر کا تجربہ شاہد ہے۔ آدمی ایک گھنٹہ میں راضی معلوم دیتا ہے۔ مجھے یہ نسخہ آپنے استاد صاحب سے نہایت معرکہ کا ملا ہے۔

قلمی شورہ عمدہ ۵ تولہ۔ کو گلی کوزہ میں ڈالکر شیرہ برگ بیری اسقدر ڈالیں کہ ایک انگل پانی اوپر ہوجاوے اسے کپڑ دا گل کرلیویں۔ بھوبھل میں رکھدیں اس صورت میں کہ نصف سے زیادہ کوزہ بھوبھل میں دبا رہے۔ صبح نکال لیویں کوزہ کے اطراف میں لگا ہوگا جاصل کرکے محفوظ رکھیں۔ بقدر ۲ رتی سے ایک ماشہ تک کھانڈ میں ڈال کر استعمال کریں۔

(۲) **نوع دیگر** پہاڑی پودینہ ۱ تولہ۔ چار مغز ۱ تولہ۔ کو بطور قہوہ گرم کرکے مذکورہ

بالا شورہ ہی ایک خوراک سے پلادیں۔ تین یا سات یوم تک کافی ہے۔

(۳) **ذات الریہ** ۔ شنگرف رومی۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ افیون۔ جوز ماثل سیاہ یا سفید۔ ہر ایک تولہ۔ مرچ و پیپل کو پانی کی نمی دیکر پیس لیں اور نغدہ بنالیویں۔ درمیان میں شنگرف رکھدیں اور ململ کے باریک سے کپڑے میں پوٹلی باندھ لیں اور اسقدر روغن زرد میں۔ جوکہ ایک کڑاہی میں ڈالا گیا ہو۔ جس میں کہ پوٹلی مذکور ڈوب جائے نرم نرم آگ پر تل لیں یعنی جب پوٹلی سخت ہو جاوے اتار لیں۔ اور سب اجزاء کھرل کرلیں۔ اور آمیں افیون اور جوز ماثل بھی ملادیویں اور شیر مادہ گاؤ دس تولہ میں سحق کرلیویں گولی بمقدار فلفل گرد بنالیویں۔ کھانڈ میں یا چائے کے ساتھ ایک حب نمونیا والے کو کھلائیں۔ پسینہ بہت آدیگا۔ مریض کو کپڑہ لپیٹ سوجانا چاہیئے اور نمونیا دور ہوجاویگا۔

(۴) **منجن** ۔ بجنبھ۔ دو حصہ نوشادر دیسی ایک حصہ کوٹ اور چھان کر باریک کرلیں۔ بوقت حاجت حسب دستور کام لیں۔ ہلانت ہیں باخون آجاتا ہو۔ گوشت خورہ ہو یا بدبو آتی ہو سب کے لئے مفید ہے۔

(۵) **مارگزیدہ** ۔ مور کا پتہ زیادہ، لیکر اس میں سیاہ مرچ ڈالیں اور چولھے کے دھوئیں پر لٹکا دیں۔ جب خشک ہوجائے اسے کھرل کرکے سرمہ کے مطابق بناکر شیشی میں رکھ لیں۔ جس جگہ سانپوں کا خطرہ ہو۔ آنکھ میں لگا کر جدہر جائے سانپ نزدیک نہیں آئیں۔ مارگزیدہ کے لئے آنکھ میں لگائیں اور نفوخ دیں۔

(۶) **سیلان المنی** ۔ برگ برگد پختہ یعنی زرد رنگ لے کر پانچ تار پانی میں ڈالدیں اور ہانڈی کو آگ پر رکھدیں۔ تاکہ دو چار جوش آجائیں جب نصف پانی رہے۔ اتار کر ملکر چھان لیں۔ صاف کرکے پھر آگ پر رکھدیں۔ ایک چھٹانک بھی لبوتری پیسکر اور چھان کر۔ ملادیں۔ اور اسقدر پکائیں۔ کہ حب بننے کے قابل ہوجائے۔ حب چنے جیسی بنالیں۔ ہمراہ دودھ نوش کریں۔

(۷) **داد و چنبل** ۔ حبت ۱ پاؤ۔ قلمی شورہ ۱ پاؤ۔ نوشادر دیسی ۳ پاؤ۔ نوشادر کو باریک پیسکر تین حصہ کرلیں۔ حبت اور قلمی شورہ کو کڑاہی میں ڈالکر آگ پر رکھیں۔ آگ نرم درمیانی رہے۔ تاکہ دو نو گداز ہوجاویں۔ ایک ایک چٹکی نوشادر کے ڈالیں

آگ نرم رہے۔ جب ایک پاؤ ختم ہو جاوے۔ کڑاہی کو نیچے اتار کر سرد [illegible]
کڑاہی چولھے پر چڑھا دیں اور ایک پاؤ ختم کریں۔ اور اتار کر سرد کریں۔ اور پھر بدستور سے گرم کریں اور سرد کرلیں۔ روغن ہو جاوے گا استعمال کریں۔

مجربات منجانب حکیم محمد ابراہیم چک ۴۳۸ (ڈاکخانہ تاندلیانوالہ)

آشوب چشم: آنکھیں سرخ ہوں۔ اور چرک غلیظ ہو۔ پلکیں جھڑ جاتی ہوں نیز متورم ہوں۔ درد سخت ہو۔ اس حالت میں نہایت مفید گولی ہے۔
صفحۃ: پوست خشخاش ۲ ماشہ۔ صندل سفید ۲ ماشہ۔ کشنیز ۲ ماشہ۔ مشک کافور رتی ہلدی ۲ ماشہ۔ رسونت ۲ ماشہ۔ لودھ پٹھانی حسب دستور پوٹلی بنا دیں۔
نوٹ: حکیم صاحب کے نسخہ میں مناسب ترمیم کی گئی ہے۔ معاف فرمادیں گے۔
براۓ سول اسہال: بیج زرسل۔ بیخ جوانسہ قند سیاہ کہنہ مساوی الوزن اُبال لیں قریباً آدھ تار باقی پلائیں۔ مجرب المجرب ہے۔

منجانب مہاشہ رتمل داس جی سرائے اسدہو ضلع ملتان

سرمہ مفید امراض چشم (۱) سرمہ سیاہ کی ایک ڈلی لیکر۔ جو کہ قریباً بیس پچیس تولہ کی ہو۔ ایک مٹی کی بڑی ہانڈی میں رکھدیں۔ جو کہ نئی ہو اور اسے پانی سے بھر کر چھت پر رکھدیں۔ تاکہ سردی رات کی اور دھوپ دن کی دونو لگ سکے پانی ہر صبح بدلدیا کریں۔ چالیس یوم متواتر یہ عمل کیا جاوے ہاں لازمی یہ ہے۔ کہ یہ عمل دس ماہ پوس سے شروع ہو کر ۵ ماگھ تک ختم ہو جانا چاہیئے۔ سال میں محض ایک دفعہ تیار کیا جاسکتا ہے بعد عمل نکالکر سرمہ چینی جو کہ صاف اور نہایت باریک کرلی گئی ہو۔ ملاکر سات یوم سحق بلیغ کریں۔ ازاں بعد استعمال کریں۔ پانی جانا۔ کمزوری نگاہ گرمی کا برداشت نہ کرسکنا۔

[illegible]
کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ مجرب ہے۔ اور صاحبان تجربہ کی خاطر مفت بھی دیا جاسکتا ہے

مجربات منجانب حکیم پنڈت دیوی داس صاحب واہگہ ضلع لاہور

(۱) **آتشک کہنہ**۔ بیخ بھیڈ موٹھ ۵ تولہ عشبہ مغربی ۱۰ تولہ۔ پوٹاسیم آئیوڈائیڈ ۱ ڈرام نمبر ۱ و ۲ کوٹ کر رات کو تین تار پانی میں بھگو دیں صبح بذریعہ قرع انبیق ایک بوتل عرق نکالیں۔ اور پوٹاسیم ملاکر ہلا دیویں تاکہ حل ہو جاوے۔ خوراک ایک ایک اونس صبح و شام پرہیز حسب دستور

(۲) **حسن یوسف** یعنی دافع چھائیں وغیرہ ازالہ مرکیولائیٹم ہیٹو ٹیکٹس ایک ڈلی بیرا سائیڈ۔ اسینتی۔ جرمن سائیڈ سوپ انگلیہ۔ رات کو سوتے وقت تھوڑی سی نمبر ۱ ایک تمام چہرہ پر لگا دیویں۔ صبح نمبر ۲ سے چہرہ صاف کرلیں۔ بعدہٗ نمبر ۳ بقدر ایک ماشہ شیشی سے نکال کر تمام چہرہ پر بطور تیل کے مل لیویں۔ صرف دو ہفتہ کے استعمال سے تمام چھائیں دور اور چہرہ صاف اور خوبصورت نکل آتا ہے۔ لطف بیان سے باہر ہے بناؤ اور یوسف ثانی بن جاؤ۔

(۳) **اسہال افیونی**۔ اذراقی مدبر ۲ ماشہ شکر تری دو تولہ باریک پیس لیں خوراک ایک ایک رتی۔ صبح دوپہر شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی صرف تین چار خوراک میں ہی آرام آجاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

(۴) **براۓ سوزاک و قرحہ**۔ بیروزہ خام ۱ تولہ پھٹکڑی سرخ ۱۰ تولہ بیروزہ کو آگ پر گرم کریں اور پھٹکڑی کا سفوف بناکر بیروزہ میں ملادیویں۔ پھر ایک برتن کو گل حکمت کرلیویں۔ اور گرم تنور میں رکھیں۔ یعنی تنور میں اُپلہ وغیرہ ڈال کر تپالیویں جب بے دود ہو جاوے تو ہانڈی کو تنور میں رکھدیں۔ صبح احتیاط سے نکالیں سفید ہوگا خوراک ایک ایک ماشہ ہمراہ لسی خام شیر بز سے۔ اگر قرحہ کہنہ ہو۔ تو ۳ تولہ شیانده بادام سے کھادیں بارہا کا آزمودہ مجرب ہے۔

فواق - کلورل ہائیڈریٹ بوزن ایک ایک چاول دو دو گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی کے کھلانا تین خوراک میں صحت حاصل ہوتی ہے - ازبس مفید ہے - نیز گمس زندہ قند سیاہ میں لپیٹ کر کھلانا فی الفور فواق کو روکتا ہے -

۹۹

جریان - سکہ ۵ تولہ - قلعی ۵ تولہ جست ۵ تولہ - شورہ قلمی ۱۵ تولہ - تینوں چیزوں کو ایک کڑاہی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں - جب تینوں چیزیں پگھل جاویں - تو شورہ قلمی باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا ڈالتے جاویں - اور کسی آہنی سیخ سے ہلاتے جاویں - بس جب شورہ ختم ہو جاوے گا - تب یہ تینوں اشیا کا زرد سفیدی مائل کشتہ ہو گا - اتار کر پانی میں آٹھ پہر پڑا رہنے دیں - کہ تمام شوریت پانی میں حل ہو جاوے - جب شورہ صاف کر لیں - خوراک ایک ایک رتی ہمراہ تیر بز مد مصری ڈال کر لیں -

نوٹ - بیخ بعیڈ موٹھہ ایک قسم کے جنگلی موٹھ کی جڑ ھہ ہے - جو کہ ریتلی زمینوں میں پیدا ہوتا ہے - اور اسکی جڑھہ زردی مائل گز گز لمبی ہوتی ہے - دیہاتی عام جانتے ہیں -

مجربات منجانب حکیم محمد عبدالرحمن صاحب خاکی راولپنڈی

(۱) **حب ریوند** - تخم حنظل - صبر زرد ریوند چینی ہر ایک ۳ ماشہ - کتیرا - زنجبیل ہر ایک [illegible] علیحدہ علیحدہ پیس [illegible] گودا [illegible] بقدر [illegible] حسب المزاج ایک سے دو گولی تک استعمال کرائیں - بالعموم سوتے وقت کھلانا مفید ہے - دائمی قبض کے رفع کرنے میں نہایت مفید ہے - حب عصارہ اور حب سقمونیا جو کہ دائمی قبض میں استعمال کیجاتی ہیں - اگرچہ قبض کشا ہیں - لیکن پیٹ میں اینٹھن کا پیدا ہونا دل گھبرانا یہ شکایات ان سے ہو جاتی ہیں - یہ نقائص ان گولیوں میں نہیں پائے جاتے -

(۲) **کشتہ ورقیہ سفید** - ہڑتال ورقیہ ایک تولہ سہانجنہ کی جڑھ کا چھلکا ایک پاؤ پختہ چھلکا مذکورہ نگدہ بنا کر بیچ میں ہڑتال رکھ کر اوپر تھوڑا سا پرانا کپڑہ لپیٹ کر چار سیر اپلوں کی آنچ دیں - مگر ہوا سے محفوظ رکھیں - سرد ہونے پر نکال لیں - پرانے تپ کے واسطے دو چاول تپاشہ مع پانی

(۳) **حب قبض کشا** - نوشادر معدنی ایک تولہ - سوہاگہ بریاں تولہ - پوست ہلیلہ زرد ایک تولہ - پوست ہلیلہ کابلی ایک تولہ - ہلیلہ سیاہ ایک تولہ - نمک سیاہ نمک لاہوری - زنجبیل

فلفل سیاہ - زرکچور - بادرنگ - ہمہ یکتولہ کوٹ چھان کر خالص عرق گلاب بقدر ہو تو دیں چنگل بیر کے برابر حبوب بنا دیں - ایک حب کھانے کے بعد استعمال کریں - یہ حبوب باوجود قبض کشا ہونے کے ضعف معدہ نہیں ہیں - ہضم طعام میں بھی مدد دیتی ہیں -

مجربات منجانب حکیم چونی لال صاحب ساکن پنڈ دادنخاں ضلع جہلم

(۱) **حبوب تریاق کا فوری معمول مطب** - افیون دیسی مصفیٰ ۳ رتی - کتھہ سفید ۳ رتی - چونہ پان ۳ رتی - کافور دیسی تیلیا ۱۵ رتی - سب ادویہ کھرل کر کے پانی کی مدد سے حبوب بقدر دانہ مونگ بنائیں -

افعال و خواص - قابض - خواب آور - مسکن - خون کو بند کرنے والی اور دافع کھانسی و زکام -

اعضاء متاثرہ اور ان پر اس کے اثرات - منہ سے لیکر معاء مستقیم تک کی [illegible] غشاء مخاطی پر مسکن اثر کرتی ہے - اور [illegible] تاثیر [illegible] ہوتی ہے - [illegible] غشاء مخاطی کے ذریعے خون میں جذب [illegible] خون میں جذب ہو کر [illegible] مسکن و قابض تاثیر کچھ گھنٹوں تک قائم رہتی ہے - جس سے ترشح قناۃ ہضمیہ اور معدہ کی نہ صرف حس و حرکت ہی کم ہو جاتی ہے - بلکہ رطوبت کی تراوش میں بھی کمی واقع ہوتی ہے - چونکہ امعاء کے عضلات طبق کو حس پر حرکت دودیہ کا انحصار ہے - یہ گولیاں سست کرتی ہیں - اسلئے امعاء کی حرکت کم ہو جاتی ہے - جس سے اسہال بند ہو جاتے ہیں -

اعضاء ہضمیہ اور انکی غشاء مخاطی کے علاوہ اعضاء تنفس - اور ان کی غشاء مخاطی پر بھی ان کی قابض اور سست کر دینے کی تاثیر ہوتی ہے - جس سے اعضاء تنفس میں خراش و رطوبت کی تراوش کم ہو جاتی ہے - اور کھانسی و زکام عدم علت کی وجہ سے دور ہو جاتے ہیں -

مواقعہ استعمال - اسہال تہیجی (خراشدار دست) اسہال عصبی (سنگ ہنی) زحیر مزمن ہیضہ کے درجہ دوم میں - خراشدار کھانسی جس میں بار بار کھانسی ہو کر تیلی سی مخاط خارج ہوتی ہے زکام (ریزش) اقسام اسہال مذکورہ اور زکام و کھانسی میں ایک سے دو گولی تک معمولی پانی

دن بھر دو تین دفعہ تک دیویں۔ مرض ہیضہ کے درجہ دوم میں نصف گولی ہر آدھ گھنٹہ بعد دیویں۔ جب تین چار دفعہ دینے سے۔ قے و اسہال میں افاقہ معلوم ہو۔ تو آدھ گولی ہر دو تین گھنٹہ بعد دیویں۔ مجموعی طور پر چوبیس گھنٹہ میں آٹھ دس گولی سے زیادہ نہ دیویں۔

موانعات (۱)۔ بچوں کو حتی الوسع اسکی کم خوراک دیویں یعنی ½ گولی یا اس سے کم، اور متواتر نہ استعمال کوائیں۔ (۲) جب بالکل خشک کھانسی ہوتی ہو۔ اور کھانسنے پر بدقت گاڑھی اور پختہ بلغم نکلتی ہو۔ تو ایسی حالت میں اسکا استعمال منع ہے۔ ہیضہ کے ابتدا میں جبکہ غذا متعفنہ ابھی معدہ و امعاء میں ہو اسے نہ دیویں (۳) انتڑیوں میں سدہ ہونیکی حالت میں بھی اسکا استعمال جائز نہیں ✤

(۲) **مختصر حب عنصل**۔ ممبران انجمن خادم الحکمت کے لئے حب عنصل کے فوائد محتاج بیان نہیں البتہ ایک تکلیف ہے۔ جو میری طرح دوسرے بھائیوں کو بھی اس نسخہ کی تیاری میں اکثر اوقات درپیش ہوتی ہوگی۔ اور وہ یہ ہر جگہ و ہر موسم میں اسقیل یا عنصل کی دستیابی مشکل ہوتی ہے۔ گو حکیم صاحب بانی انجمن نے اس تکلیف کو بھی ایک حد تک دور کر دیا ہے کہ نسخہ مذکور کو دوا خانہ انجمن خادم الحکمت میں تیار رکھتے ہیں۔ کہ ضرورت مند اصحاب منگوا سکیں۔ لیکن بعض اصحاب جو ہمیشہ ایسے نسخہ جات تجربہ کی ٹوہ میں رہتے ہیں جنہیں با تقید مکان و زمان بوقت ضرورت تیار کر کے فائدہ اٹھایا جا سکے انہیں خیال رہے کہ حب عنصل کی تیاری میں انہیں اس کے جزو اعظم عنصل کا ہر جگہ ہر وقت دستیاب ہو جانا مشکل ہے میں نے اس تکلیف کو ایک دو دفعہ سختی سے محسوس کیا ہے۔ بالآخر سوچ بچار کے بعد الاحتیاج اُم الایجاد کے مصداق حسب ذیل نسخہ تیار کر لیا۔ جو بحمد للہ تقریباً انہیں فوائد کا مظہر ہوا ہے۔ جو حب عنصل مجوزہ جناب حکیم بانی انجمن میں پائے جاتے ہیں اس کے اجزا جہاں ایک بھی انگریزی ادویات کی دوکان ہوگی دستیاب ہو جائینگے۔ میں نے اسکا نام مختصر حب عنصل رکھا ہوا ہے۔ اور آپ دیکھیں گے کہ فی الحقیقت معمولی تصرف و تبدل کے ساتھ حب عنصل کا ہی اختصار ہے ✤

مغربی طب میں عنصل کا سکوئل اور سلا نام ہے۔ طبیبان مغرب نے بھی اسکے متعدد مرکبات تیار کئے ہیں۔ اور میں "خذ ما صفا و دع ما کدر" کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمیشہ ان مرکبات سے فائدہ اٹھاتا ہوں۔ چنانچہ مختصر حب عنصل کی تیاری میں بھی انہیں سے استفادہ حاصل

کیا گیا ہے و ھو ھذا ٹنکچر سلا ۱۹ ماشہ۔ ایمونیا کارب ۱۲ ماشہ۔ ایسڈ بنزوئیک ۷ ماشہ ہر سہ ادویہ کو کھرل میں ممزوج کریں۔ اگر ضرورت محسوس ہو۔ تو کسی قدر عرق سونف سے نم دے لیں اور کل دوائی کی یکصد گولی تیار کریں۔

افعال و خواص۔ مخرج بلغم بالتحریک مدر بول۔ مقوی قلب۔

اعضاء متاثرہ اور اُن پر اس کے اثرات { معدہ و امعاء ہوائی نالیوں کی غشاء مخاطی۔ گردے۔ قلب }

مذکورہ اوّل تینوں پر اسکی تاثیر مخرش ہے۔ اور قلب کے لئے مقوی کیونکہ اس سے کسی قدر دل کی طاقت انقباضی بڑھتی ہے۔ اور طاقت انبساطی کم ہوتی ہے ✤

مواقع استعمال۔ سعال مزمن (جسمیں بعد مشکل کھانسی کھانس کر نہائیت کم مقدار گاڑھی اور لزج بلغم نکلتی ہے) کے لئے عجیب چیز ہے۔ ایک دو گولیوں کے استعمال سے ہی ہوائی نالیوں کی غشاء مخاطی میں تحریک ہو کر تراوش شروع ہو جاتی ہے اور بلا تکلف بلغم کا اخراج ہونے لگتا ہے۔ ضیق النفس بلغمی میں خصوصیت سے استعمال کیجاتی ہیں۔

جب کسی وجہ سے بائیں بطن قلب اور اورطہ نامی شریان کے درمیانی سوراخ کے کواڑ میں خرابی پیدا ہو جاتی ہے۔ تو خون بوقت انقباض بجائے اسکے کہ اورطہ کے ذریعہ دھکیلا جا کر بواسطہ دیگر شرائین جسم کی پرورش کرے اُلٹا بطور بازگشت بائیں اذن القلب میں واپس آجاتا ہے۔ جس سے دل میں ضعف ہو کر طاقت انقباضی کم ہو جاتی ہے۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے۔ کہ دوران خون کے انتظام میں برہمی ہو کر جگر و گردہ و نیز اور دہ میں خون کا اجتماع ہونا شروع ہو جاتا ہے وہ تجاویف بدن میں اب خون تراوش پانے لگتا ہے۔ اصطلاح طب میں اسے "استسقاء دوری" کہتے ہیں۔ ایسی حالت میں یہ گولیاں نہائیت مفید ثابت ہوتی ہیں کیونکہ ان سے جہاں دل کی طاقت انقباضی میں اضافہ ہو کر دوران خون کا سلسلہ منظم ہونے لگتا ہے۔ وہاں گردوں میں بھی تحریک ہو کر ادرار شروع ہوتا ہے جس سے استسقاء دور ہو جاتا ہے۔

خوراک ایا دو گولی بدرقہ مناسبہ سے بچوں کو ½ یا نصف گولی حسب عمر و طاقت۔

موانعات جب معدہ و امعاء میں خراش ہو۔ یا دست آتے ہوں۔ تو انہیں نہ دیویں۔ شدید کھانسی میں جو ہوائی نالیوں کی سوزش سے ہوتی ہے۔ اسکے استعمال سے محترز رہیں۔ سوزش گردہ میں اسکا دینا منع ہے۔

سفوف فرفیران فرفیران الجوکسفوف (عصارہ ریوند) قلمی شورہ سفوف ۲ تولہ روغن شبت ۲۲ بوند ہر سہ ادویہ کو ممزوج کرکے رکھ لیں۔

فائدہ ۔ اس سفوف سے پانی کی مانند رقیق دست آتے ہیں۔

اعضاء متاثرہ اور اُن پر اس کے اثرات معدہ کے لئے مخرش ہے غدودوں کی تراوش بڑھکر حرکت دود یہ تیز ہو جاتی ہے۔ جس سے پانی کی طرح پتلے اسہال ہونے لگتے ہیں۔

موقع استعمال ۔ استسقاء میں بمقدار تین ماشہ جوشاندہ بادیان ۱ تولہ کے ساتھ دینے سے اسہال آبی ہو کر مریض کو آرام ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد اگر قلب۔ کبد اور گردوں کی تقویت کا خیال رکھا جائے تو مرض دوبارہ عود نہیں کرتا۔

انتباہ معدہ وامعاء میں سوزش کی حالت میں اسے استعمال نہ کریں

(۴) **اکسیر دمہ** جو میرے خاندان کا صدری نسخہ ہے۔ اور میرا مجرب و معمول۔ کوکنار ۵ تولہ (پوست خشخاش) تماکو تلخ دیسی شبتان والا ۵ تولہ۔ قند سیاہ کہنہ ۵ تولہ۔ مویز منقیٰ ۵ تولہ چاروں ادویہ کو ساڑھے چار سیر پانی میں بھگوئیں اور تین دن بعد چھانکر خیساندہ حاصل کریں۔ اسے نتھار کر کسی قلعی دار برتن میں ڈالیں اور نرم آگ پر گاڑھا کریں جب آدھ سیر یا اڑھائی پاؤ رہ جائے تو اُتار کر بھاپ پر رکھ کر گاڑھا کریں۔ اور چینی کے برتن میں محفوظ کریں۔

افعال وخواص مسکن۔ دافع تشنج بضعف تنفس مسترخی۔

اعضاء متاثرہ اور اُن پر اس کے اثرات { معدہ۔ قلب۔ عضلات الریہ
معدہ پر اسکا اثر کسیقدر مخرش ہوتا ہے۔ یہی وجہ ہے۔ کہ بعض اوقات اس سے تے بھی ہو جاتی ہے۔ جو اصحاب ضیق کو اکثر شدید پڑتی ہے۔ قلب و مرکز تنفس کے لئے مضعف ہے اسلئے دو تین خوراک سے ہی تنفس کی تیز رفتاری کم ہو جاتی ہے۔ عضلات الریہ (پھیپھڑہ کی ہوائی نالیوں) میں آئی ہوئی اعصابی شخون اور عضلات کے لئے مسترخی ہونیکی وجہ سے انکی تشنج کو دور کرتا ہے۔ اس طریقہ ضیق رفع ہو کر تنفس میں آسانی ہو جاتی ہے۔

موقع استعمال ۔ مرض ضیق النفس میں ہر چار گھنٹہ بعد بمقدار ۱ رتی حسب

ذیل جوشاندہ کے ساتھ دیویں۔ گل گاؤزبان ۳ ماشہ۔ بادرنجبویہ ۳ ماشہ تین چھٹانک پانی میں جوشائیں اور مل چھان کر شکر تری بقدر ضرورت سے شیریں کرکے عقب ازدوا پلاویں ✝

موالغات ۔ خراش وسوزش معدہ میں۔ ایسے بوڑھے اشخاص کو جنہیں ایکدو دفعہ فالج واسترخاء سے روشناسی ہو چکی ہو۔ اسکا استعمال منع ہے ✝

مجربات جناب حکیم محمد حیات صاحب ثابت لائلپور

نامردی } سم الفار سفید۔ سم الفار سیاہ۔ گھونگچی سفید ہر ایک ایک تولہ شیر گاؤ آٹھ سیر میں ادویہ بالا کو خوب باریک کرکے پوٹلی باندھکر جوش دیویں اور مکھن نکال کر نگاہ رکھیں۔ خوراک ایک تنکہ پان پر لگا کر چٹائیں۔ اور مریض کو ایک گھنٹہ تک ٹہلائیں ایک ہی روز میں انتشار ہو گا۔ اور ایک ہفتہ کے استعمال سے وہ طاقت حاصل ہو گی۔ جسکا بیان نہیں ہو سکتا۔ دوران استعمال گھی اور دودھ کا کثرت سے استعمال کریں۔ اور جماع سے پرہیز کراویں۔ اگر مخلوق ہو تو روغن کنجد میں چار قطرہ ملا کر اعضا مخصوصہ پر مالش کریں اور اوپر برگ ارنڈ باندھیں۔

قوت باہ کا بے نظیر نسخہ ۔ نرگس ایک تولہ۔ کشتہ سونا چار رتی۔ موچرس ایکتولہ تعلب مصری ایک تولہ۔ گوند کتیرا ایک تولہ۔ کشتہ فولاد آٹھ رتی۔ گجلہ عدبیلہ یکماشہ ست گلو دو ماشہ۔ ہلیلہ زرد ایک تولہ۔ سب کو کپڑ چھان کرکے بعد ازاں بادام روغن میں چرب کرکے چار گنا شہد ملا کر دو ہفتہ تک رکھ چھوڑیں بعد ازاں ایک ایک ماشہ کی گولیاں بنالیویں۔ خوراک ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ نصف سیر گھی اور دودھ کا استعمال زیادہ رکھیں۔

برائے ضعف باہ وجریان۔ سرعت۔ احتلام سم الفار سیاہ تین ماشہ زعفران۔ افیون۔ ورق چاندی ہر ایک سات ماشہ۔ چاروں اشیاء کو چار ہفتہ لگاتار بھیڑ کے دودھ میں کھرل کریں اور دو سو گولیاں بنالیویں۔ خوراک ایک

مجرّبات جناب مہاشہ رام لال صاحب ویدسمندری

ضلع لائلپور

نسخہ برائے سوزاک نمبر ۱ تیل صندل ۲ تولہ۔ گوکھرو ۳ تولہ۔ سرد چینی ۳ تولہ۔ قلمی شورہ ۳ تولہ۔ سونف ۳ تولہ۔ گوکھرو وغیرہ چاروں چیزوں کو کوٹ چھان کر تیل میں ملا دیں۔ خوراک چھ ماشہ دن میں چار دفعہ دودھ گاؤ مادہ یا بکری کے ساتھ دیویں۔ اگر دودھ نہ ملے۔ شربت بزوری معتدل سے دیدیویں۔ سوزاک کو بہت جلد دور کر دیتا ہے۔ اس کی تعریف میں۔ میں اس کے سوا اور کچھ نہ لکھونگا کہ ہر ایک حکیم صاحب کو اسے ضرور بنا کر رکھ لینا اور استعمال کرانا چاہئے۔ بس اس کی اتنی ہی تعریف کافی ہے۔ خوراک بدل دودھ چاول کچھ نہ دیویں ؎

نسخہ سوزاک نمبر ۲ رسکپور ۱ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۲ تولہ۔ لونگ ۲ تولہ۔ مرچ سفید ۲ تولہ چاروں چیزوں کو خوب کوٹ چھان کر کھرل میں عرق ادرک ملا کر گھوٹیں۔ ایک بوتل عرق ادرک ختم ہو جائے پر گولی بقدر نخود بنا لیویں۔ ایک گولی صبح سویرے پانی سے استعمال کرا دیں۔ روٹی گھی سے کھلاویں اور دیگر اشیاء سے پرہیز۔ یہ نسخہ نہایت مفید ہے اس سے سوزاک دور ہو جاتا ہے۔ اور جیسا کہ عام طور پر سوزاک زندگی بھر میں بار بار ستاتا رہتا ہے۔ اس کے استعمال کے بعد اسکا خطرہ مطلقاً نہیں رہتا۔ بہت قابل قدر چیز ہے۔ نیا ہو یا پرانا سب کے لئے مفید ہے ؎

نسخہ سوزاک نمبر ۳ یہ نسخہ پچکاری کا ہے۔ یہ ظاہرا تو ایک معمولی سی چیز نظر آویگی مگر تجربہ کرنے والے اصحاب پر اس کے فوائد عجیب کا انکشاف ہوگا......

برگ درخت کرنجوہ ۲ تولہ۔ پوست خشخاش ۲ تولہ۔ برگ نیم ۲ تولہ۔ پھٹکڑی دو تولہ۔ سب کو تھوڑا تھوڑا کوٹ کر پھٹکڑی کو باریک کر لیویں، ڈیڑھ سیر پانی میں جوشدیں جب تین پاؤ رہ جاوے۔ چھان کر اس کی دن میں چار دفعہ پچکاری کریں۔

دوائی دافع ہچکی } درخت کیکر کے نرم کانٹے بقدر دو تولہ لیکر ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوشدیویں ڈیڑھ چھٹانک رہنے پر چھان لیویں اس

میں ایک تولہ شہد عمدہ ملا کر ایک ایک چمچہ بھر تھوڑی تھوڑی دیر بعد دیتے جائیں ہچکی کے لئے اکسیر ہے ؎

بواسیر بادی - اس کے لئے ایک سرسری نسخہ لکھتا ہوں۔ نسخہ جات کی صرف بیرونی چمک دمک اور مبالغہ آمیز تعریف پر لٹو ہونے والے اصحاب کو شاید نسخہ پسند ہی نہ آئے مگر میں ایسے اصحاب کو مخاطب ہی نہ کرونگا۔ اور یہ نسخہ صرف اُن اصحاب کی نذر ہوگا۔ جو اسے ایک دفعہ استعمال کرانے کی تکلیف فرمادینگے جس بھائی نے مجھے یہ نسخہ بتایا تھا اُس نے تو اسکا استعمال بواسیر خونی کے لئے بھی بہت مفید بتایا تھا۔ مگر چونکہ میرے تجربہ میں ایک مریضاں بواسیر خونی پر چنداں فائدہ نہیں کیا۔ اسلئے میں نے اسکا استعمال صرف بادی بواسیر کے لئے ہی کیا ہے۔ نسخہ یہ ہے۔ درخت جامن کے نرم نرم پتے آٹھ عدد لیکر آدھ پاؤ پانی میں گھوٹیں۔ پھر چھان کر اسمیں شکر بقدر ایک تولہ ملا کر صبح۔ دوپہر و شام مریض کو پلا دیویں۔ غذا سوائے دلیا گندم کے اور کچھ نہ دیں دودھ سے بھی پرہیز کرائیں روزانہ دو تین ایام میں ہی بواسیر کے مسے ڈھیل کر ہو جاتی ہیں۔ اور سخت سے سخت تکلیف ایکدو دن میں ہی رفع ہو جاتی ہے۔ اگر متواتر چالیس روز استعمال کرا دیا جاوے تو مسے بالکل خشک ہو جاتے ہیں ؎

بخار پرانا بعض اوقات بخار کئی کئی مہینوں تک مریض کو نہیں چھوڑتا اس کے لئے ایک نسخہ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ برگ درخت نیم ۱ ماشہ مرچ سیاہ ۱ عدد پیس کر گولی بنا کر پانی سے صبح و شام دیویں۔ دو تین روز میں ہی بخار اُتر جاتا ہے۔ میں نے وئید کے بسنت مالتی وغیرہ کئی ایک مشہور رسوں سے بھی مفید پایا ہے۔

(رام لال وئید سمندری)

مجرّبات فقیر مستانہ تیر بر نشانہ از جناب حکیم مہتہ دینا ناتھ صاحب جہلم

سنون اکسیر دندان - دانتوں کے درد کے لئے اگر کوئی تیر بہدف نسخہ ہے تو ایک یہی ہے۔ جو مجھے سردار سنت سنگھ صاحب آنند افسر الشعراء پنجابی بطور تحفہ مرحمت ہوا تھا۔ نمک سونچل ۴ ماشہ۔ شب یمانی سوختہ ۴ ماشہ۔ فلفل سیاہ ۳ ماشہ۔ اجوائن دیسی ۴ ماشہ۔ افیون مصفّا ۱ سرخ۔ نوشادر دیسی ۴ ماشہ سنگ جراح شگفتہ ۱ تولہ۔ عاقر قرحا ۴ ماشہ۔ زیرہ سفید ۴ ماشہ۔ تمام اجزاء کو علیحدہ علیحدہ پیسکر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

کثرت بول۔ موسم سرما میں کنجد سیاہ کو دو چند قند سیاہ میں حل کر کے صبح اور شب کو سوتے وقت ایک تولہ بغیر کسی بدرقہ کے نہائت مفید ہے۔

حبوب سُعال۔ ان گولیوں کو ہر ایک طبیب اپنے مطب میں استعمال کر کے دیکھے ہر قسم کی کھانسی کو نہائت مفید ہیں۔ صفتہٗ رب السوس ۹ ماشہ فلفل سیاہ ایک ماشہ امونیم کلورائیڈ ۳ ماشہ (نوشادر) اپیکا کوانہ ایک ماشہ (انگریزی دوا ہے۔) سب کو ملا کر تیس عدد گولیاں بناویں۔ خوراک ایک صبح ایک دوپہر ایک شام۔

طلائے عزیز۔ نہائت مختصر اور سہل الحصول مگر فائدہ کے لحاظ سے بڑے بڑے قیمتی نسخوں کو شرمادینا روغن عزیزی کا فعل ہے۔ پارچہ کھدر حسب حاجت لیکر اُسے شیر مدار میں خوب طرح بھگو کر کے سایہ میں خشک کریں لیکن میں اس تجویز کو تین دفعہ کرتا ہوں) مابعد روغن نارجیل (جو کہ بازار سے سفید رنگ کا روغن ملسکتا ہے) کو گرم کر کے پارچہ مذکور کو روغن نارجیل میں تر کرکے فتیلہ بنالیں۔ فتیلہ کو جلا کر نیچے کانسی کا کوئی برتن رکھدیں۔ جو روغن اس ترکیب سے حاصل کریں شیشی میں ڈالکر کے محفوظ رکھیں۔ مجذوقوں کے لیے نہائت مفید ہے۔

سرمہ پارس۔ آنکھ کی تمام امراض شلاً دھند غبار جالا [illegible] وغیرہ کے لئے مفید ہے [illegible] سردار ہوشیار سنگھ صاحب [illegible] سے دستیاب ہوا۔ آپ اس نسخہ کو بنا کر پبلک میں مفت تقسیم کرتے ہیں۔ صفتہٗ [illegible] ۶ ماشہ۔ چوب کو ملٹھی ۶ ماشہ۔ ہر دو کو ملا کر تیز آگ میں کسی کلہیہ کے اندر احراق کریں کہ سفید ہو جاوے۔ پھر اسکو پانی میں کھرل کرکے مقطر کرلیں اب اس مقطر کو پانی میں مفصلہ ذیل ادویات کے ہمراہ کھرل کریں۔ مرچینی ۳ ماشہ عقاب ویسی ۱۰ ماشہ (نوشادر) ہلدی ۱ ماشہ۔ البقر ۳ ماشہ نمک شیشہ ۱ ماشہ جست شگفتہ ۱ ماشہ۔ کفدریا ۱ ماشہ سرمہ سفید ۱ تولہ سرمہ سیاہ ۶ ماشہ۔ ان تمام کو باریک پیسکر بطور سرمہ کے دن میں دو دفعہ لگایا کریں۔

اکسیر ورم الطحال۔ سنکونا فیبری فیوج ۵ گرین۔ ایسڈ ہیپڈ روبائیڈ کے ڈل امنم۔ امپیم سالٹ ایک ڈرام۔ سفوف ارگٹ ۳ گرین۔ فیری ایٹ کونین سٹرا ۳ گرین۔ عرق بادیان ۳ تولہ۔ ایسی ایک خوراک صبح اور ایک شام کو پلاتے ہیں اس نسخہ کے استعمال کے دوران میں مریض کو کسی قسم کی [illegible]

نسخہ سوزاک پرانے قرحہ تک بھی صحت دلاتا ہے۔ ہر قسم سوزاک کے لئے مفید ہے۔ کشتہ سرمہ سفید خواہ کسی ترکیب سے طیار کیا گیا ہو۔ دو رتی اور ایک ماشہ سفوف ہلدی ملا کر صبح و شام ہمراہ دودھ کی لسی کے استعمال فرماویں۔

(۳) سوزاک جو کسی دوا سے نہ جاتا ہو۔ اور پرانا قرحہ ہو عجیب الاثر ہے۔ جوہر سکبینج برنج مصفا ہر ایک تین ماشہ خوب ملا کر کھرل کریں۔ دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ دودھ کی لسی کے استعمال کرادیں۔

نسخہ حب جریان۔ بندکشاد اور سیلان منی کے لئے عجیب الاثر ہے۔ ثعلب۔ مغز تخم سرس۔ لاکھ مغسول ہر ایک ایک تولہ لیکر دس تولہ شیر برگد میں کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بناویں۔ ہر صبح ہمراہ شیر آدھ سیر نیم گرم دو گولی استعمال کریں اور واسطے امراکشتہ نقرہ تین ماشہ مرد اور بدنا سفتہ ۱ ماشہ زیادہ کریں (خادم مطب والطباء جے رام آنند)

مجربات جناب حکیم غلام رسول خان صاحب کھیوہ ضلع گجرات پنجاب

نسخہ عادات قبیحہ کیلئے (۱) کشتہ عقیق کشتہ قلعی کشتہ مرجان بیسوس الغسول۔ طباشیر۔ الائچی سفید۔ کتیرا گوند۔ ہر ایک چھ ماشہ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھانکر کسی شیشی میں ڈال رکھیں۔ مقدار خوراک ایک ماشہ صبح اور ایک ماشہ شام کو ہمراہ دودھ استعمال کرایا کریں۔ اللہ تعالیٰ صحت بخشینگے۔

(۲) **احتلام معہ بواسیر خونی۔** نسخہ ذیل ہر دو امراض کے لئے مفید ہے۔ **ص** گندھک آملہ سار مصفا۔ مازو۔ مرچینی ہر ایک ایک تولہ آلائچی سفید ۳ ماشہ جنطیانہ ۶ ماشہ کھانڈ ایک تولہ۔ سب کو کوٹ پیسکر پارچہ بیز کردیں۔ مقدار ۳ ماشہ صبح اور ۳ ماشہ شام کو ہمراہ عرق بادیان ۳ تولہ۔

(۳) **نسخہ احتلام۔** صندل سفید ۳ ماشہ مرچینی ۲ ماشہ۔ شورہ قلمی ۲ ماشہ بہروزہ صندلی ۲ ماشہ آلائچی خورد ۲ ماشہ پوٹاسی برومائیڈ ۲ ماشہ۔ کل نسخہ کو کوٹ۔ پیسکر سفوف بنالیویں۔ مقدار خوراک ایکماشہ صبح اور ایک ماشہ شام کو ہمراہ شربت بزوری پلایا

کریں۔ انشاء اللہ کبھی احتلام نہ ہوگا۔

(۴) **نسخہ سرفہ نزلی وزکام کیلئے** } ص سبوس اسبغول ۶ ماشہ اصل السوس ایک ماشہ کافور ۳ ماشہ۔ بنفشہ ۶ ماشہ صمغ عربی ۶ ماشہ گوند کتیرا ۶ ماشہ۔ شورہ قلمی ۳ ماشہ۔ افیون ایک ماشہ جملہ ادویات کو کوٹ پیس کر حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں ایک گولی صبح اور ایک شام کو ہمراہ عرق بادیان ۳ تولہ۔

(۵) **نزلہ وزکام دائمی** ۔ مروارید ناسفتہ۔ آلائچی کلاں۔ طباشیر اصل۔ ہر ایک ایکماشہ ورق نقرہ ایک عدد۔ روح کیوڑہ ۵ تولہ سب کو ملاکر کھرل کریں حتےٰ اکہ خشک شیشی میں بند کریں۔

طریق استعمال ۔ مکھن ۳ تولہ۔ آلائچی کلاں ۳ ماشہ۔ طباشیر ۳ ماشہ۔ مصری ایکتولہ دوائی مذکورہ ہو رتی ملاکر چاٹیں۔

(۶) **دمہ کیلئے** ۔ ص نوشادر ۳ ماشہ۔ شورہ قلمی ۶ ماشہ سوڈا بائیکارب ۳ ماشہ کافور ۳ ماشہ۔ رب السوس ۳ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ حلتیت ۳ ماشہ امونیا کارب ۳ ماشہ صمغ عربی ۶ ماشہ جملہ ادویات کو باریک پیسکر گولیاں بقدر کنار دشتی بنالیویں ایک گولی صبح خالی معدہ میں عرق بادیان ۳ تولہ کے ہمراہ اور ایک شام کو عرق مذکور کے ہمراہ کھلایا کریں۔
(نوٹ) اور بالا نسخہ [illegible] ماشہ اور [illegible] بیلا دونا جار [illegible] بھی شامل کرلیوینگے۔ خدا کے فضل وکرم سے چند یوم میں ہی دورہ بھی اور دمہ بھی دور اور مفقود ہوجاتا ہے۔

(۷) **ضعف دماغ کی طاقت کیلئے** ۔ سب سے بڑھکر گولی فاسفورس ۶ ۹ ہی مجرب ثابت ہوئی ہیں۔ لیکن اون کے ہمراہ محنت اور کثرت کی نہایت ضرورت ہے مثلاً دوڑنا۔ بیٹھکیں نکالنا۔ دودھ بالائی۔ مربہ۔ مغز بادام۔ مربہ آملہ اور پھل فروٹ مثل سیب۔ سنگترہ۔ سردا۔ انگور۔ لیچی وغیرہ کا استعمال لازمی ہے ایک ماہ محنت سے تمام تحریک دماغ ان تھک بن جاتا ہے۔ خواہ کتنی محنت سے کیوں نہ لیجائے۔ باقاعدہ اور مستقل طور پر کام دیتا ہے۔ گولی فاسفورس ۶ ۹ کی ۲۱ عدد گولی ۱۴ کو ملتی ہیں۔ والسلام۔

{ نیاز مند حکیم غلام رسول
خان از کھیوڑہ ضلع گجرات۔ }

مجربات جناب حکیم ابو العطا مرزا خدا بخش صاحب زبدۃ الحکما لاہور

(۱) **جوہر السفر** } سنگ بصری۔ کھرود۔ اور وجع المفاصل کے لئے بے نظیر ہے۔ سم الفار سفید جسقدر چاہیں۔ گودہ گھیکوار میں دس روز کھرل کرکے خشک کرکے جوہر حسب المعمول اڑائیں۔ خوراک ایک چاول در مسکہ۔

(۲) **دوائی آتشک بے خطا** ۔ رسکپور ۲ ماشہ۔ دال چکنا یکتولہ۔ اسرنج ۸ ماشہ نمک سانبھر ۸ ماشہ ان اجزاء کو ۱۲ سیر شیر نر میں کھرل کرکے خشک سفوف بنا کر رکھ لیں دو تین چاول مسکہ یا بالائی کے ساتھ ریشمی کاغذ میں پوڑیہ بنا کر اور مسکہ یا بالائی کے اندر رکھکر نگل جائیں۔ تین روز سے ایک ہفتہ تک شکائیت رفع ہوجاتی ہے۔ غذا دودھ چاول یا دال مونگی۔ مرغن اور سب اشیاء کے دوران استعمال دوائی پرہیز۔ نمک بہت کم کھائیں

(۳) **دوائی سوزاک کے لئے بمنزلہ تریاق** ۔ پارہ یکتولہ۔ گندھک آملہ سار ۲ تولہ ان کو کھرل کرکے کجلی کریں۔ پھر مردہ سنگ یکتولہ۔ کباب چینی یکتولہ۔ کتھ یکتولہ۔ باریک پیسکر اس کجلی میں ملاکر خوب کھرل کرکے ایک جان کرکے رکھ لیں۔ خوراک تین چار رتی تک [illegible] قیمتی۔ ایک بے نظیر [illegible] منفعت حاصل ہوتی ہے۔

(۴) **دوائی جریان** ۔ یہ بھی بہت کم خطا کرنیوالی اور سہل الحصول ہے۔ قلعی مصفےٰ دو تولہ۔ سیماب مصفےٰ یکتولہ۔ دونو پگھلا کر منعقد کرکے ایک روز چار پہر تک کھرل کریں۔ بعد ازاں اشیاء ذیل پیسکر ملالیں۔ طباشیر ۱ تولہ۔ آلائچی سفید ۱ تولہ اور ملانے کے بعد ایک پہر تک کھرل کریں۔ بعد ازاں ۲ تولہ مصری باریک پیسکر ملاکر محفوظ کرلیں۔ خوراک چار رتی سے ایکماشہ تک ہمراہ مکھن۔

(۵) **تریاق ضیق النفس** ۔ نہایت ہی سریع الاثر دوائی ہے۔ اور بے خطا شنگرف یکتولہ۔ فلفل دراز ۴ تولہ۔ باریک پیسکر ایک پاؤ شیر نر میں کھرل کرکے پیسہ کے برابر قرص بناکر رکھ لیں۔ پھر توا آہنی پر نیم پاؤ گھی ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ اور قرص گھی میں پکائیں۔ جب ایک طرف سیاہی مائل ہوجاوے۔ تو الٹا کر دوسری طرف بھی پکاکر سیاہی مائل کرلیں۔ پھر اتار کر گھی سے الگ کرکے رکھ لیں اب مریض دمہ کو اوّل ایک عدد کڑوی توری جو بن یا کریر وغیرہ کے درختوں پر

جنگل میں ملتی ہے۔ لیکر ایک پاؤ شیر گاؤ میں ڈال کر شب کو رکھدیں۔ صبح کو توری نچوڑ کر پھینک دیں۔ اور دودھ کو پلادیں کچھ دیر کے بعد اس سے مریض کو قے آئیگی۔ تمام بلغمی مواد سینہ سے صاف ہو جائینگے۔ دوسرے روز ایک رتی دوائی شنگرف والی جو پان میں لگا ہوا ہو رکھکر آہستہ آہستہ چوشائیں۔ دن میں صرف دو دفعہ یعنی صبح و شام کافی ہوگی انشاءاللہ تعالےٰ ہفتہ عشرہ میں فائدہ محسوس ہوگا۔ سردست یہ پانچ ہی نسخہ رپورٹ سالانہ کے لئے کافی ہیں۔ (عاجز مرزا خدا بخش)

مجربات جناب پنڈت مولراج صاحب ضنا ویدامرتسر

(۱) جب زبان و تمام منہ میں سفید سفید چھالے پیدا ہو جاتے ہیں۔ تو کھانا پینا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ خاصکر بچوں کو زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ اُس کی آزمودہ دوائی صفت۔ سرد چینی طباشیر مصطگی رومی۔ الائچی خورد۔ ست گلو خالص۔ بیرل۔ مصری کوزہ تمام ادویہ مساوی الوزن۔ ہوں کوٹ چھان کر ایکتولہ مکھن یا گلیسرین میں ملا کر منہ میں لگانے سے چند ایکدفعہ دن میں لگانے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ آزمائش شدہ ہے۔

(۲) دوائی تپدق۔ یہ دوائی تپدق درجہ اوّل و درجہ دوم شروع یعنی ابتدائی حالت میں دینے سے حکماً اور ضروری فائدہ کریگی۔ جناب رام لال وید صاحب ممندری والے آزمائش کریں۔ صفت۔ چوب چینی۔ دانہ سوے۔ ہر ایک گیاراں حصہ یعنی تولے۔ لیکر پھر دونوں کے وزن کے گیارہ حصہ یعنی تین سیر ۲ تولہ پانی عمدہ میٹھے ڈال کر آگ پر پکاوے۔ جب پانی نصف بچے۔ تو اُس میں ایک تولہ افیون خام دیسی عمدہ لیکر گھول دیوے۔ اور کوئی پارچہ جلد تہ کرکے کسی میٹھے برتن پر رکھ کر اوسمیں ڈالے۔ اور آہستہ آہستہ ٹپکنے دیوے۔ جب تمام پانی ٹپک جاوے۔ تو پھر اُس پانی میں۔ گوند سیسالہ ۴ تولہ گوند کتیرہ ۲ تولہ گوند کندر ۴ تولہ۔ رب السوس ۳ ماشہ زعفران ۶ ماشہ شہد صد کچہ ۳ ماشہ ڈالکر آگ پر پھر پکاوے یہانتک کہ گولی بن سکے پھر گولی دانہ الائچی سے کچھ بڑی بناوے۔ دن میں تین گولیاں تک دیوے۔ یہ دوائی بندہ کی کئی بار چند بیماروں پر آزمائی ہوئی ہے۔ اور علاوہ تپدق سے بچونکی کو گر کھانسی و پرانا دمہ دکھانسی سل میں بھی مفید ہے۔

(۹) نفث الدم خونی قے۔ جب کسی کو خونی قے ہووے۔ یا منہ کے راستے وغیرہ سے خون آوے۔ تو ذیل کی دوائی حکماً خون بند کریگی۔ پھٹکری سفیدہ تولہ لیکر کھرل میں ڈالکر عرق کریلا کا نکالکر وزن ڈیڑھ پاؤ میں کھرل کرکے ٹکیہ بنا دیوے۔ اور خشک کرے۔ اور کوئلوں کی آگ میں پکاوے جب سفید رنگ ہو جاوے۔ تو نکالکر باریک پیس لیوے۔ خوراک ایک رتی تک ہمراہ شربت مصری و نیلوفر مناسب الوپانوں سے دیوے۔ یہ آزمودہ ہے۔

(۱۰) ایلادی چورن۔ یعنی آیور ویدک کا یہ چورن دسفوف، ذیل کی امراض میں بہت مفید اور اکسیر ہے یعنی کھانسی۔ دمہ۔ تپ ہچکی روگ۔ سر میں چکر آنا۔ تھوک میں خون کا آنا۔ پیاس پسلی درد۔ کمی بھوک۔ بدن سوکھ جانا۔ آواز کا بیٹھ جانا۔ وغیرہ امراض کو مفید ثابت ہوگی۔ صفت۔ الائچی ایک حصہ۔ تیزپات ایک حصہ۔ دارچینی۔ پیپل چار حصہ۔ چینی۔ ملٹھی۔ پنڈ کھجور کشمش۔ ہر ایک چار حصہ۔ اگر معجون بنانی ہو۔ تو حسب ضرورت شہد میں معجون بنالیں۔ خوراک ۹ ماشہ سے ایکتولہ تک زیادہ سے زیادہ معجون کی ہے۔ اور تین ماشہ سے ماشہ تک سفوف کی خوراک ہے۔

پیٹ کی بیماری کا چورن۔ جب پیٹ گڑگڑ کرتا ہو۔ غذا ہضم نہ ہوتی ہو۔ اپھارہ رہتا ہو۔ یا سول چلتا ہو۔ مروڑ پیچش۔ بار بار پاخانہ۔ وا بو شول۔ گولا۔ غرضیکہ ہاضمہ کے متعلق تمام بیماریاں اس کے استعمال سے رفع ہو سکتی ہیں۔ صفت۔ نمک سیاہ ایک حصہ۔ اجوائن دو حصہ اجمود ۳ حصہ۔ پیپل چار حصہ۔ سونٹھ پانچ حصہ۔ یہ ادویہ کل پندرہ حصہ ہوئیں اور ہر پندرہ حصہ ڈالے۔ ہر ایک کو کوٹ چھان کر ملا دے۔ خوراک ۳ ماشہ تک۔

مجربات جناب ڈاکٹر گوہر بیگم صاحبہ ساکن آرلی

سفوف گوہری — سفوف عاقرقرحا ایک تولہ سفوف کبابہ ایک اونس سفوف کوئلہ جامن ایکتولہ یوکلپٹس آئیل چند قطرے سب کو اچھی طرح کھرل کرکے شیشی میں بند رکھیں وقت ضرورت یا صبح مسی دانتوں پر ملا کریں۔ کل دانتوں کی بیماریاں دور ہونگی۔

ڈراپس گوہری۔ کلورل ہیڈریٹ ایک ڈرام۔ کافور ایک ڈرام منتھال ایک ڈرام کھرل کرکے شیشی میں ڈالیں بچھو کے ڈنگ درد سر وغیرہ میں ملنے سے درد فوراً کافور ہو جاتا ہے۔

(۱۴) سفوف گوہری برائے اسہال۔ آلائچی دانہ ایک تولہ۔ طباشیر ایک تولہ۔ گیرو ۸ ماشہ لونگ دس عدد۔ سیلال دو رتی۔ سفوف بنالیں۔ خوراک ۸ ماشہ۔ پانی سے۔ دوسری خوراک کی ضرورت ہو۔ تو ایک گھنٹہ بعد پیویں۔

مکھن گوہری برائے خارش۔ پارہ ایکتولہ۔ گندھک ایکتولہ۔ ہر دو کی خوب کجلی کریں۔ پھر ایک تولہ شورہ آمیز کرکے کھرل کریں۔ جب اچھی طرح آمیز ہو جانے پر ۶ رتی طوطیا ڈال کر پھر خوب کھرل کرکے تھوڑے ۱۰۱ بار دھوئے ہوئے مکھن میں خوب آمیز کرکے حسب ضرورت خارش خشک و تر مالش کرکے ایک گھنٹہ بعد بیسن کا گھی تازہ گوبر مل کر نہالیں۔ دو ایک روز میں آرام ہو جاویگی۔

سفوف مڑوڑ گوہری۔ پیلا ہڑ سفوف کرکے چھان کر ۳ ماشہ کھلا کر ۲ تولہ تھوڑا رقیق کرکے پلادیں۔ اگر خون بھی ہو۔ تو ۲ پوتھی لہسن کے دودھ میں پکا کر گل پلا دیں۔ خدا نے چاہا تو تیسری خوراک کی ضرورت نہ ہوگی۔

مجربات جناب حکیم لالہ گنگا رام صاحب حکیم حاذق سرائے سدھو (ملتان)

ورم الطحال۔ شورہ قلمی یک پاؤ۔ سلفورک ایسڈ ۵ تولہ۔ ایک بوتل میں ڈال کر اور اس بوتل کو ایک ایسی ہانڈی کلاں میں جس میں پانچ سیر ریگ ڈال لی گئی ہو۔ رکھیں بعد باقی ہانڈی کو بھی ریگ سے پر کر دیویں۔ منہ کھلا رکھیں۔ اور آگ پر چڑھا دیں۔ آگ درمیانی رکھیں۔ چار سیر آگ جلائیں۔ بوتل میں ایک سیخ آہنی ڈال کر ہلا دیا کریں اور دیکھ لیا کریں کہ نمی باقی ہے۔ یا نہ جس وقت خشک معلوم ہو۔ جو کہ قریباً چار پہر کے بعد ہوگا۔ آتار کر سرد ہونے دیں۔ سرد ہونے پر بوتل توڑ کر دوا جو نہایت ہی شفاف اور سفید ہوگی نکالکر کھرل کرکے رکھ لیں نہایت خوش ذائقہ مثل لیموں کے ہوگی۔ بقدر چار رتی صبح و چار رتی شام حسب رائے طبیب استعمال کریں۔

نوٹ:- یہ ویدک کا مشہور نسخہ ہے۔ ملیریا کے بعد کی ورم الطحال عظم الکبد۔ خفقان۔ و یرقان۔ کھانسی کمی خون۔ اصحاب باسوری کے لیے فرد جاذب [illegible] ہے۔ نسخہ حسب ذیل ہے

نوٹ ہضم۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ ترپھلہ۔ اجموداد۔ ڈھنگ۔ ناگرموتھا۔ چترا۔ ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ کل وزن اس سے پانچ گنا۔ سبکا چورن کرکے اسمیں شہد دوگنا شامل کریں اور بیس گنا قند سیاہ کہنہ شامل کرکے دو دون (۲ یا ۳ آثار) پانی ڈالکر گھی کے چکنے برتن میں ڈالکر ایک ہفتہ بند رکھیں (کچھ برتن خالی رہے) صاف کرکے ایک تولہ صبح ایک تولہ شام بعد از غذا استعمال کریں۔

چنبل و داد۔ گوا پوڈر ۴ رتی۔ کاپر سلفاس ۲ رتی۔ کیلومل ۴ رتی۔ آئیڈوفارم ۴ رتی کاربالک ایسڈ ۲ بوند ویسلین ۵ ڈرام۔ سب کو حسب دستور سلیٹ پر ملالیں۔ ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔ داد و چنبل کو صاف کرکے لگائیں احتیاط رہے کہ زخم پر پانی نہ لگے۔ اور نہ ہی آنکھ وغیرہ کے نزدیک لگائیں۔ نہایت ہی نفیس چیز ہے۔ شہادت عند التجربہ۔

از جناب حکیم شیخ غلام محمد صاحب نظامی سکرٹری انجمن طبیہ راولپنڈی

(۱) حبوب مقوی۔ ہڑتال طبقی ۴ ماشہ روزانہ تا چالیس یوم آرد گندم میں ملا کر ایک مرغ جوان جس نے ابھی انڈا نہ دیا ہو۔ کھلا کر دڑبے میں بند رکھیں۔ بعد گذرنے ایام مقررہ ذبح کرکے اسکا پیٹ آلائش سے پاک کرکے قرنفل ۳ تولہ۔ عقرقرحا ۲ تولہ زنجبیل ۳ تولہ مصطگی ۲ تولہ۔ ثعلب ۳ تولہ۔ جاوتری ۲ تولہ بھر دیں اور دو سیر روغن گاؤ میں بریاں کریں۔ جب سرخ ہوجاوے۔ دیگچہ میں نکال کر استخوان علیحدہ کر دیں۔ اور گوشت کا مشین کے ذریعہ قیمہ کریں۔ پھر ہاون دستہ میں تمام ادویہ ڈالکر باریک سرمہ سا کرکے قیمہ میں ملائیں اور ذیل کی ادویہ بھی شامل کرکے حبوب نخودی بناکر لگا رکھیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو حسب برداشت شیر گاؤ کے ساتھ کھائیں۔ بچا ہوا گھی بھی ساتھ ساتھ بلا نمک استعمال کریں۔ زعفران کشمیری ۶ ماشہ۔ مشک خالص ۳ ماشہ۔ عنبر ایک ماشہ۔ ورق طلاء ۲۵ عدد ورق نقرہ یکصد۔

(۲) کشتہ آہن۔ برادہ آہن مصفیٰ ا تولہ۔ سیماب ۳ ماشہ برادہ آہن کو کھرل میں

ڈالکر سیماب شامل کرکے گودہ گھیکوار میں دو گھنٹہ کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر مٹی کی ڈولی میں رکھ کر گلِ حکمت کرکے نصف سیر پاتھک صحرائی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں پھر اوس دوائی میں سیماب ۴ ماشہ داخل کریں۔ اور شیر مدار میں اُسی طرح دو گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد بدستور معروف آگ دیں۔ اسی طریق سے ہر مرتبہ ایک ماشہ سیماب زیادہ کرتے جائیں۔ یہانتک کہ گیارہ گیارہ آگ پوری ہو جاوے۔ نکالکر بند شیشی میں نگاہ رکھیں ایک چاول سے نصف رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

(۳) **کشتہ شنگرف**۔ شنگرف ۱ تولہ کو شیر مدار ۵ تولہ میں کھرل کریں اور برگ مدار تازہ یعنی خوشہ ۳ تولہ کا نگدہ تیار کرکے اُسمیں رکھیں اُس کے اوپر بیس تولہ شوترر رشتہ خام، یک پاؤ جو شیر مدار میں بھگو کر سایہ میں خشک کیا ہوا ہو۔ گیند کیطرح کی لپیٹ کر گور بنائیں۔ اور محفوظ جگہ ہوا سے بچا کر آگ کی چنگاری گور پر رکھدیں تاکہ جل کر خاک ہو جاوے۔ سرد ہونے پر شنگرف نکال لیں۔ خوراک ایک رتی تک ہمراہ بدرقہ مناسبہ حکیم حاذق مختلف الزبان کے ساتھ بہت امراض پر استعمال کرسکتا ہے۔

(۴) **حبوب مقوی**۔ مغز خرجوان یک عدد۔ جونک در خصیہ خر چسپیدہ و خشک شدہ ۱۱ عدد۔ کرم مخمل دو تولہ یا لگنگی ۲ تولہ۔ خراطین مصفے ۲ تولہ۔ جند بیدستر ۱ تولہ۔ ریگ ماہی نر ۱ تولہ۔ قرنفل ۱ تولہ۔ شنگرف ۱ تولہ۔ جوزبوا ۱ تولہ۔ اجوائن خراسانی ۱ تولہ۔ عقرقرحا ۱ تولہ۔ گھونگچی ۱ تولہ۔ تخم پلاس ۳ تولہ۔ میٹھا تیلیہ ۱ تولہ۔ زعفران ۱ تولہ۔ کچلہ سوہان کردہ ۱ تولہ۔ سم خر تراشیدہ ۵ تولہ۔ سم اسپ تراشیدہ ۵ تولہ۔ سم الفار سفید ۱ تولہ بیخ کنیر ۱ تولہ۔ پیاز نرگس ۲ تولہ۔ لوبان کوڑیہ ۱ تولہ۔ شاہ دیک ۳ عدد۔ سوائے سم خر و اسپ باقی تمام ادویہ کو زردی بیضہ مرغ میں ایک ہفتہ کھرل کریں۔ بعدازاں مغز خر شامل کرکے اسقدر کھرل کریں۔ کہ خشک ہو کر گولی بنانے کے قابل ہو جاوے۔ گولی بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ ایک چکنی مٹی کی ڈولی لیکر اُس کے پیندے میں سوراخ کرنیا اور گل حکمت کرکے گولیاں تیار شدہ اور ریزہ سم ڈالکر حسب دستور روغن کشید کریں۔ بوقت ضرورت حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں۔ اور برگ ارنڈ یا پان باندھیں۔ چند یوم عمل کریں۔ دوران استعمال جماع اور سرد پانی سے پرہیز رکھیں۔

(خادم الاطباء شیخ غلام محمد نظامی از راولپنڈی)

مجربات جناب حکیم پنڈت میلا رام صاحب سرہالہ کلاں چک ۲۷۴
ڈاکخانہ خاص ضلع لائلپور

(۱) **سیلان رحم**۔ بیج بند۔ تال مکھانہ۔ گل سپاری۔ گل لیتہ۔ پوست بیرون پستہ۔ گل دھاوا۔ مجیٹھ۔ ہر ایک چار چار ماشہ آرد مونگ بریاں لعاب مصری مساوی وزن بالکل باریک سفوف بنا دیں خوراک ۷ ماشہ ہمراہ دھون چاول +

(۲) **کثرت حیض**۔ مونج کہنہ لیکر راکھ کرلو اور اس میں اس کے ہموزن شکر ملاؤ۔ اور سفوف کرو۔ خوراک ۶ ماشہ ہمراہ شربت فالسہ دو یا چار ہی روز میں فائدہ ہوگا +

(۳) **ایضاً** چوہوں کی مینگنیاں مصری ہموزن ملا کر سفوف کرو۔ خوراک ۲ ماشہ۔ ہمراہ شربت فالسہ۔ دو یا تین دن میں آرام ہوگا۔

(۴) **معجون شفاء** (تجویز کردہ خود) برائے امراض دماغی۔ بخار۔ نزلہ۔ سردرد قبض کہنہ وغیرہ

(ص) ہلیلہ سیاہ ۴ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۴ تولہ۔ سنا ۷ ماشہ۔ گل بنفشہ ۵ تولہ۔ سقمونیا ۴ تولہ زبسفایج ۲ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ بادام روغن سے چرب کرکے سفوف بنا دیں

(ب) ان ادویات کا جوشاندہ بنا کر سفوف ملا کر معجون کے قوام پر لاؤ:۔ ہلیلہ ۲ تولہ سنا ۲ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ گل بنفشہ ۲ تولہ۔ ان کا جوشاندہ بنا کر مل چھان کر ایک سیر پختہ کھانڈ۔ ملا کر اور اوپر والا سفوف ملا کر معجون بناؤ۔ خوراک ۱ تولہ تا ۲ تولہ کمزور بچوں کو ۶ ماشہ۔

(۵) **برائے ملیریا فیور**۔ یہ صدری نسخہ مدت سے سینہ بہ سینہ آتا رہا ہے:۔

ص نمک سنگ تولہ۔ نمک سانبھر تولہ نمک سونچر تولہ۔ نمک سفید ۱ تولہ۔ نوشادر ۲ ماشہ۔ قلمی شورہ ۳ ماشہ۔ بادیان تولہ۔ اجوائن تولہ۔ فلفل سیاہ تولہ۔ فلفل گرد تولہ۔ زنجبیل تولہ ست لیموں ۶ ماشہ۔ جوکھار ۶ ماشہ۔ تمام کا باریک سفوف بنا دیں خوراک ۳ ماشہ۔ صبح و شام دو دفعہ ہمراہ دوغ ترش یا کانجی۔

(۷) **قبض کشا**:۔ نمک ایک جز۔ ایلوہ ۳ جز۔ ہر دو کو گنوار گندل کے رس سے کھرل کرو۔ حبوب بقدر نخود۔ بوقت خواب ایک یا دو گولیاں ہمراہ آب تازہ لے

قلمی مستوفہ ا تولہ کوٹ چھان کر شامل کریں - اور زعفران چار ماشہ کو عرق کیوڑہ ۲ ماشہ
میں کھرل کر کے کشتہ اضافہ کر کے رکھ لیں - (حکیم مہتہ دینا ناتھ موہن از جہلم)

مجربات جناب حکیم جے رام صاحب آنند از لبرت پور ضلع ہوشیار پور

نسخہ آتشک { جو اکسیر کا حکم رکھتا ہے - شنگرف - دار چکنہ - رسکپور ہر ایک یکتولہ سیماب مصفے اچھ ماشہ - سنکھیا سفید ۲ تولہ - سب ادویہ کوٹ پیسکر

ایک ہفتہ شیر آک میں کھرل کریں - بعد مٹی کے دو پیالے لیکر معروف و مشہور طریق سے جوہر اڑا دیں - جو جوہر اوپر والے پیالے میں لگے اس کو ایک روز بکائین کے رس میں (ملاد) کھرل کر کے جوہر کا جوہر اڑا دیں - اس کو اچھیا ط سے شیشی میں محفوظ رکھیں خوراک نصف چاول سے ایک چاول ہمراہ ایک چھٹانک مکھن کے استعمال کریں بفضل پرماتما - اوّل تو خوراک ورنہ تین خوراک بیخ و بن سے شرطیہ اس موذی مرض کو دفع کرتا ہے - درجہ اوّل دوم - سوم - تینوں کو اکسیر اعظم ہے - اگر درجہ سوم میں ایک ہفتہ تک استعمال کرا دیں - اگر پیاس لگے گھی پلا دیں -

نسخہ برائے سوزاک - جو اکسیر کا حکم رکھتا ہے - اس سے بیس سال کا پرانا قرحہ دور ہو جاتا ہے - مرد و عورت کو یکساں اور ہر سوم میں مفید ہے - خوشنا سا ٹھہ تولہ پھٹکری سرخ دو تولہ سہاگہ ایک تولہ کشتہ صدف صادق خواہ کسی طریق سے تیار کیا گیا ہو یا دودھ گدگی میں طیار کردہ ہو - دو تولہ چوکھار دو تولہ گندھک آملہ سار نصف چھٹانک نیلا تھوتھہ تین ماشہ - تمام ادویہ کو کوٹ پیسکر تین شبانہ روز شیر مدار میں کھرل کر کے دس عدد ٹکیہ بنا دیں - اور دو مٹی کے پیالے لیکر اُن کے منہ گھسکر ہموار کر کے بعد پیالے کے اندر ٹکیہ مذکورہ رکھکر درمیانی حصہ اور نیچے گلحکمت کر کے دھیمی دھیمی آگ سے چار پہر میں جوہر اُڑا دیں بعد چوبیس گھنٹہ کے جب خود بخود سرد ہو جاوے - بعد اوپر والے پیالے سے جوہر اُتار لیویں - اور شیشی بحفاظت محفوظ رکھیں - خوراک ایک رتی ہمراہ دیسی کھانڈ یا بتاسہ خورد میں رکھکر استعمال کریں - اوپر لسی دودھ کی پیویں - جب پیاس لگے لسی دودھ دیتے رہیں بفضل پرماتما تین روز میں شرطیہ شفا ہوگی - لیکن ایک ہفتہ تک ضرور استعمال کریں یا جتنے روز میں فائدہ ہو اُتنے روز اور کھا دیں اگر دوران استعمال دوائی نمک نہ کھا دیں بہت جلد فائدہ ہوگا -

(نوٹ) جوہر اڑاتے وقت اوپر کے پیالے پر چند تہ کپڑا بھگو کر رکھیں +

مجربات جناب حکیم ابو العطا مرزا خدا بخش صاحب زبدۃ الحکما لاہور

جوہر سم الفار } شکست - کمزور - اور وجع المفاصل کے لئے بینظیر ہے - سم الفار سفید جسقدر چاہیں - گودہ گھیکوار میں دس روز کھرل کر کے خشک کر کے جوہر حسب المعمول اڑائیں - خوراک ایک چاول در مسکہ -

(۲) **دوائی آتشک بے خطا** - رسکپور ۲۰ ماشہ - دال چکنا یکتولہ - اسرنج ۸ ماشہ نمک سانبھر ۸ ماشہ ان اجزا کو ۱۶ سیر شیر بز میں کھرل کر کے خشک سفوف بنا کر رکھ لیں دو تین چاول مسکہ یا بالائی کے ساتھ ریشمی کاغذ میں پوڑیہ بنا کر اور مسکہ یا بالائی کے اندر رکھکر نگل جائیں - تین روز سے ایک ہفتہ تک شکائیت رفع ہو جاتی ہے - غذا دودھ چاول یا دال فرنگی - مرغن اور ترش اشیاء کے دوران استعمال دوائی پرہیز - نمک بہت کم کھائیں

(۳) **دوائی سوزاک کے لئے بمنزلہ تریاق** - پارہ یک تولہ - آملہ سار ۲ تولہ ان کو کھرل کر کے کجلی کر لیں - پھر مردہ سنگ یکتولہ - کباب چینی یکتولہ - کتھ یکتولہ - باریک پیسکر اور کجلی میں ملا کر خوب کھرل کر کے یک جان کر کے رکھ لیں - خوراک تین چاول رتی تک ہمراہ مسکہ یا تریاق - ایک ہفتہ غائیت دو ہفتہ میں شفا کلی حاصل ہوتی ہے -

(۴) **دوائی جریان** - یہ بھی بہت کم خطا کرنیوالی اور سہل الحصول ہے - قلعی مصفے دو تولہ - سیماب مصفے یکتولہ - دونو پگھلا کر منعقد کر کے ایک روز چار پہر تک کھرل کریں - بعدازاں - اشیاء ذیل پیسکر ملا لیں - طباشیر ۱ تولہ - آلائچی سفید ۱ تولہ اور ملانے کے بعد ایک پہر تک کھرل کریں - بعدازاں ۲ تولہ مصری باریک پیسکر ملا کر یکجان کر لیں - خوراک چار رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ مکھن -

(۵) **تریاق ضیق النفس** - نہائیت ہی سریع الاثر دوائی ہے - اور بے خطا شنگرف یکتولہ - فلفل دراز ۲ تولہ - باریک پیسکر ایک پاؤ شیر بز میں کھرل کر کے پیسہ کے برابر قرص بنا کر رکھ لیں - پھر توا آہنی پر نیم پاؤ گھی ڈال کر نیچے آگ جلائیں - اور قرص گھی میں پکائیں - جب ایک طرف سیاہی مائل ہو جاوے - تو اُلٹا کر دوسری طرف بھی پکا کر سیاہی مائل کر لیں - پھر اُتار کر گھی سے الگ کر کے رکھ لیں اب مریض دمہ کو اوّل ایک عدد کڑوی توری جو بن یا کریر وغیرہ کے درختوں پر

جنگل میں ملتی ہے۔ لیکر ایک پاؤ شیر گاؤ میں ڈال کر تسب کو رکھدیں۔ بیج لو پوری چوس کر پھینک دیں۔ اور دودھ کو پلا دیں کچھ دیر کے بعد اس سے مریض کو قے آئیگی۔ تمام بلغمی مواد سینہ سے صاف ہو جائینگے۔ دوسرے روز ایک رتی دوائی شنگرف والی جو پان میں لگا ہوا ہو رکھکر آہستہ آہستہ چوشائیں۔ دن میں صرف دو دفعہ یعنی صبح و شام کافی ہوگی انشاءاللہ تعالٰے ہفتہ عشرہ میں فائدہ محسوس ہوگا۔ سردست یہ پانچ ہی نسخہ رپورٹ سالانہ کے لئے کافی ہیں۔ (عاجز مرزا خدا بخش)

مجربات جناب پنڈت مولراج صاحب وئید امرتسر

(۱) جب زبان و تمام منہ میں سفید سفید چھالے پیدا ہو جاتے ہیں۔ تو کھانا پینا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ خاصکر بچوں کو زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔ اُس کی آزمودہ دوائی **صفت**۔ سرد چینی طباشیر مصطگی رومی۔ الائچی خورد۔ ست گلو خالص۔ بیرل۔ مصری کوزہ تمام ادویہ مساوی الوزن۔ ہوں کوٹ چھان کر ایکتولہ مکھن یا گلیسرین میں ملاکر منہ میں لگانیسے چند ایکدفعہ دن میں لگانے سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ آزمائش درکار ہے۔

(۲) **دوائی تپدق**۔ یہ دوائی تپدق درجہ اوّل و درجہ دوم شروع یعنی ابتدائی حالت میں دینے سے حلقاً اور ضرور فائدہ کریگی۔ جناب رام لال وید صاحب سمندری والے آزمائش کریں۔ **صفت**۔ چوب چینی۔ دانہ سونے۔ ہر ایک گیاراں حصہ یعنی تولے۔ لیکر پھر دونوں کے وزن کے گیارہ حصہ یعنی تین سیر ۲ تولہ پانی عمدہ مصفٰے ڈال کر آگ پر پکاوے۔ جب پانی نصف بچے۔ تو اُس میں ایک تولہ افیون خام دیسی عمدہ لیکر گھول دیوے۔ اور کوئی پارچہ چار تہ کرکے کسی مصفٰے برتن پر رکھ کر اوسمیں ڈالے۔ اور آہستہ آہستہ ٹپکنے دیوے جب تمام پانی ٹپک جاوے۔ تو پھر اُس پانی میں۔ گوند سیاسٹل ۲ تولہ گوند کتیرہ ۲ تولہ گوند کندر ۲ تولہ۔ رب السوس ۲ ماشہ زعفران ۲ ماشہ شدھ کچلہ ۳ ماشہ ڈالکر آگ پر پھر پکاوے یہانتک کہ گولی بن سکے پھر گولی دانہ آلائچی سے کچھ بڑی بناوے۔ دن میں تین گولیاں تک دیوے۔ یہ دوائی بندہ کی کئی بار چند بیماروں پر آزمائی ہوئی ہے۔ اور علاوہ تپدق سے بچونکی کو کر کھانسی و پرانا دمہ دکھانسی سل میں بھی مفید ہے۔

(۱۴) **ایضاً**۔ پھٹکری بریاں ½۱ ماشہ۔ مرچ سیاہ ½۱ ماشہ۔ پیسکر لیمو پر ڈال کر بخار سے ایک گھنٹہ پہلے چوس لیں۔

(۱۵) **ہیضہ**۔ دست۔ مروڑ۔ قے۔ قراقر ہو کر پاخانہ آنا۔

صفت۔ برگ نیم در روغن زرد بریاں۔ ایک تولہ۔ ہلیلہ ۱ تولہ بلیلہ ۱ تولہ۔ طباشیر تولہ کتھ ۲ ماشہ۔ نسپال ۲ ماشہ ان سب کا سفوف کر لو۔ خوراک ۲ رتی تا ۲ ماشہ ہمراہ آب یک گھونٹ یا مناسب بدرقہ۔

(۱۶) **پھل بہری** پوست درخت ہلیلہ تولہ۔ پوست درخت بلیلہ تولہ پوست درخت آملہ ان کا جوشاندہ بناکر ۲ ماشہ باچی کے ہمراہ کھلادو۔ اور تیل تلخ بدن پر ملکر دھوپ میں بیٹھو۔ چند روز کے استعمال سے داغوں میں چھالے ہوں گے۔ پھر بدن درست ہوگا چھالے پڑنے سے خوف نہ کرنا۔ تین ہفتہ جاری رکھنا۔

(۱۷) **کھنب**۔ باچی۔ دارہلد ہلدی۔ تخم مولی۔ سوہاگہ چوکیا۔ ہڑتال ورقیہ۔ سب ہموزن لیکر پیسکر دہی یا کانجی میں ملاکر مالش کرو۔ اور ایک گھنٹہ قریباً دھوپ میں رکھو بعد ایک گھنٹہ کے نہا لو۔ اسی طرح ایک ہفتہ یا کم بیش کرو۔

از جناب حکیم علیم الدین صاحب اشٹ بدرہ ضلع شیخوپورہ۔

نسخہ برائے طحال۔ کونین سلفاس دو ڈرام۔ ڈائی لیوٹ سلفیورک ایسڈ ۲ ڈرام فیرائی ایٹ امونیا سائٹراس ۲ ڈرام میگنیشیا سلفاس ۷ اونس۔ عرق بادیان ۳ پاؤ۔

ترکیب۔ پہلی دوائی کو دوسری دوائی میں حل کریں۔ اور تیسری اور چوتھی کو پانچویں میں حل کریں پھر ان دونوں کو باہم ملالیں بس دوائی تیار ہے۔ خوراک نصف چھٹانک دن میں دو دفعہ پلا دیا کریں۔ پرہیز۔ گوشت و دال نخود۔ غذا دودھ۔ دہی۔ چاول۔ روٹی۔ خوب گھی ڈالکر

بلا ضرر مسہل حب السلاطین۔ مقوی حب السلاطین ۲ تولہ کو لیکر اسمیں سے بیج جو کہ ایک نہائت پتلا سا ہوتا ہے۔ لکالکر روغن زرد ایک چھٹانک میں بریاں کریں جسوقت وہ بریاں ہو جاوے مگر یاد رہے کہ جل نہ جاوے۔ صرف سرخی نما ہو جاوے۔ شکر سرخ ۲ تولہ کو ملاکر خوب گرم گرم کو حل کریں۔ کسیقدر سرد ہونے پر نخود کے برابر گولیاں بنالیں۔ نہائت اعلیٰ مسہل ہے۔ پانی یا دودھ کے ساتھ کھلائیں ایک گولی دو دفعہ پاخانہ لادیگی۔ یہ مسہل میرا بار ہا کا مجرب ہے۔ اور ہمیشہ زیر استعمال رہتا ہے۔

نادر طبی کُتب کا عظیم ذخیرہ (فوٹوسٹیٹ)

ہمارے پاس برائے فروخت موجود ہے جس میں طبی کتب کے علاوہ علم کیمیاد اکسیر ورس رسائن، کشتہ سازی کتب وظائف عملیات ونقوش من موہنی موہنی منتر کے علاوہ دیگر علوم روحانی جنتر منتر تنتر، رمل نجوم پامسٹری جفر، رُدحوں سے ملاقات، علم تسخیر ہمزاد، علم الاعداد تسخیر جن وپری اندرجال، سات سات پشتوں کی قلمی بیاضیں حکیموں ویدوں کی عمر بھر کی کمائی، صنعت وحرفت کی بیشمال کُتب طبی گرکشاستر، کام، رتی شاستر باتصویر، کوکا پنڈت کے اصل قدیم قلمی کوک شاستر کا عکس اور اس کے فارسی اُردو ترجمے اور انتخاب باتصویر موجود ہیں آپ ان نایاب [illegible] کتب کے مطالعے سے اپنی طب وحکمت کو چار چاند لگا سکتے ہیں ایسے ایسے اسراری نسخے جو سالوں کی خدمت ومحنت سے بھی حاصل نہ ہوں آپ کو گھر بیٹھے مل سکتے ہیں۔ جوگیوں، فقیروں سنیاسیوں کے زندگی بھر کے تجربوں سے فیض اُٹھانے کے لیے ہم سے رابطہ فرمائیے۔ ایک دن میں آپ کو وہ ذخیرہ کُتب نادر مل جائے گا جو انفرادی طور پر آپ تیس سال میں جمع نہیں کر سکتے۔ یاد رہے کہ یہ تمام کتب فوٹوسٹیٹ مجلد کتابی صورت میں ہیں قیمتیں نہایت مناسب اور رعایتی ہیں ان میں کمی کی بالکل گنجائش نہیں۔ پیکنگ کا خرچہ ہمارے ذمہ اور محصول ڈاک وغیرہ خریدار کے ذمے ہو گا۔ جوابی اُمور کے لیے جوابی لفافہ ارسال فرمائیں۔ اپنا پتہ صاف اور مکمل تحریر فرمائیں۔ شکریہ!

کُتب خانہ شانِ اسلام راحت مارکیٹ چوک اُردو بازار
لاہور (پاکستان) فون ۳۵۱۱۲۰ ۷

محمد عبدالغنی نائب مدیر

رات کا سپیشل اجلاس ۸ بجے سے ۱۰ بجے تک

اس اجلاس میں سب سے پہلے مجرّبات کے اظہار کی تجویز پیش کی گئی، تاکہ بعض لاہوری دوست جو کہ رات کو واپس لاہور جانا چاہتے تھے۔ ان کو بھی اظہار مجرّبات کا موقعہ مل جائے۔ چنانچہ مندرجہ ذیل اصحاب نے اپنے اپنے مجرّبات نہایت وثوق کے ساتھ پیش کئے۔ (محمد عبدالغنی)

مجربات ممبرانِ انجمن جو جلسہ نومبر ۱۹۲۴ء پر ظاہر کئے

(مجربات حکیم سید فضل حسین صاحب (موجد حیات نسواں) امرتسر)

(۱) **اُم الصبیان**۔ جدوار خطائی ۱ رتی۔ عود صلیب ۱ ماشہ۔ عرق بادیان میں گھس کر پلا دیں۔ متواتر دورہ مرض ہونے پر مرجان آگ میں سرخ کر کے دونو ابرو کے درمیان داغ دیویں۔ نہایت مجرّب ہے۔

(۲) **تشنج واسترخا وغیرہ**۔ نکس دامیکا ۱ رتی۔ قند سفید دانہ دار ۱۲ رتی۔ باہم سحق بلیغ کریں۔ ایک سرخ کے قریب ہمراہ ماء العسل کے کھلا دیں۔ نہایت مفید ہے۔ ماء العسل شہد خالص ایک حصہ پانی تازہ تین حصہ ملا کر آگ پر رکھیں۔ ایک حصہ پانی جل جائے۔ تو اُتار کر چھان لیں۔ فالج۔ لقوہ۔ تشنج وغیرہ امراض میں اکسیر۔ جلد اثر کرتا ہے۔ سینکڑوں دفعہ کا مجرّب اور بے حد مفید ہے۔

(۳) **گوشت خورہ دندان**۔ زرنیخ زرد ۶ ماشہ۔ زرنیخ سرخ ۶ ماشہ۔

اتاتیا ۲ ماشہ ۔ چونہ ۲ ماشہ ۔ بھی کھار ۶ ماشہ ۔ پیسکر سرکہ میں ملاکر قرص بقدر ۲ ماشہ کے باندھیں ۔ ایک قرص سرکہ میں حل کرکے غرغرے کرادیں ۔ اس کے بعد گرم پانی سے مضمضہ کرائیں ۔ نہایت مجرب ہے ۔

(۴) سرفہ ۔ **نفث الدم ۔ بخار ۔** طباشیر ۴ ماشہ ۔ صمغ عربی ۴ ماشہ ۔ کتیرا ۴ ماشہ ۔ رب السوس ۔ ۴ ماشہ ۔ کتیرا ۴ ماشہ ۔ دم الاخوین ۴ ماشہ ۔ الائچی دانہ ۴ ماشہ ۔ گل ارمنی ۴ ماشہ ۔ آردگلو ۴ ماشہ ۔ سبوس اسبغول ۴ ماشہ ۔ نشاشتہ ۴ ماشہ تخم خشخاش سفید ۴ ماشہ ۔ خوب کلاں ۴ ماشہ ۔ شکر تیغال ۴ ماشہ ۔ بہدانہ ۴ ماشہ مغز تربوز ۴ ماشہ ۔ مغز خیارین ۴ ماشہ ۔ مغز بادام شیریں ۱۵ عدد ۔ مغز خربوزہ ۴ ماشہ ورق نقرہ ۱۵ عدد ۔ مصری کوزہ ۴ تولہ ۔ سب ادویہ کو کوٹ چھانکر سفوف بنادیں اور مغزیات و ورق ملاکر بقدر چار ماشہ صبح دوپہر ۔ عصر کے وقت ہمراہ شربت بنفشہ عرق گاؤزبان کھلاویں ۔ بے نظیر مجرب المجرب ہے ۔

(۵) **مطبوخ محمی** ستگی ۔ بنفشہ ۴ ماشہ ۔ گاؤزبان ۴ ماشہ ۔ اصل السوس ۲ ماشہ ۔ لسوڑیاں ۲۰ دانہ ۔ پرسیاؤشاں ۲ ماشہ ۔ اسطوخودوس ۲ ماشہ ۔ زوفا ۲ ماشہ ۔ عناب ۴ دانہ ۔ مویز منقی ۴ دانہ ۔ ... پاچیاں ۲ ماشہ ۔ انیسوں ۳ ماشہ ۔ الائچی کلاں ۲ ماشہ ۔ تمام ادویہ کو رات کے وقت نیم سیر پختہ پانی میں ترکرکے صبح جوش دیں ۔ جب تین چھٹانک پانی رہ جائے ۔ ملکر چھان لیں ۔ قند سفید قدرے ملاکر پلادیں ۔ اسی طرح ایک بار بعد دوپہر پلادیں تین دن میں بفضل خدا صحت ہو ۔

(۶) منی ۔ **ممسک ۔ مغلظ ۔ سریع التاثیر ہزاروں میں سے ایک نہایت مجرب ۔** (۱) پاؤ پختہ ماش لیکر شیر برگد سے ترکرکے سایہ میں خشک کریں ۔ بعد کیکر کی پھلی جس میں ابھی دانہ نہ پڑا ہو ۔ لیکر کوٹ کر پانی نکالیں ۔ اور ماش مذکور کو سایہ میں خشک کریں ۔ اور پیس لیں ۔

(۲) فلفل دراز ۔ نیم پاؤ پختہ لیکر دودھ گاؤ سیر پختہ میں پکائیں ۔ جب دودھ جل جائے سایہ میں خشک کریں ۔ اور پیس لیں ۔

(۳) تخم تمر ہندی ۔ نیم پاؤ پختہ لیکر رات کو پانی میں بھگو دیں بعد میں چھلکا اتار کر نیم بریاں کرکے ریتی سے رگڑ کر باریک سا پیس لیں ۔ نیم بریاں

اب طباشیر ۱ تولہ ۔ الائچی ۱ تولہ ۔ ماش مدبر ۔ فلفل دراز ۲ تولہ ۔ تخم تمر ہندی ۲ تولہ ۔ مصری ۵ تولہ ۔ سب کو پیس کر ملائیں ۔ اور ہر صبح اور شام بقدر ۶ ماشہ ہمراہ شیر گاؤ نیم سیر پختہ کھلائیں ۔ عجیب النفع اور نہایت ہی مفید ہے ۔

(۷) **بیاض چشم ۔** نوشادر عمدہ لیکر اس کے بطریق معروف جوہر لیں ۔ پھر اس کو کانسی کے تھال میں ڈال کر جست کے ڈنڈے سے رگڑلیں ۔ جب سیاہ جوہر ہو جائیں ۔ تو کسی محفوظ شیشی میں رکھ لیں ۔ کاک مضبوط ہو ۔ بقدر چاول سیخ کے منہ پر لگاکر صرف پھولا پر لگائیں ۔ مجرب ہے ۔ تین چار روز تک آنکھ صاف ہو جاتی ہے ۔

(۸) **اکسیر الطحال ۔** قلمی شورہ ۵ تولہ ۔ نوشادر ۵ تولہ باریک پیس کر عرق لیموں ایک بوتل میں ملالیں ۔ جب ادویہ حل ہو جائیں ۔ تو نکالکر آگ پر رکھیں ۔ جب تمام آب لیموں خشک ہو جائے ۔ تو پیسکر محفوظ کاک لگا کر رکھیں ۔ خوراک ایک ایک ماشہ دو وقت شربت بزوری میں ملاکر پلاویں ۔ اور خاک بیخ انجیر (راکھ) میگن بکری کی راکھ سرکہ میں ملاکر مقام طحال پر لگائیں ۔ نہایت عجیب اور مفید و مجرب ہے ۔

(۹) **ہلکاؤ کے لئے** ۔ لگڑ بگڑ یا چرخ یا چیتا کا دانت پانی میں گھسکر پلادیں ۔ یا ان کے جبڑے کی ہڈی کو گھسکر پلادیں ۔

(۱۰) **تپ سہ روزہ و چوتھیہ کے لئے ایک عجیب ٹوٹکہ ۔**

ایک بڑا سیاہ رنگ کا کیڑا (مورچہ) لیکر زندہ ہی تند سیاہ میں لپیٹ کر اوپر چاندی کا ورق چڑھادیں ۔ اور مریض کو بغیر بتلانے کے نگلا دیں ۔ بفضل خدا تپ نہ ہوگا ۔ سیکڑوں دفعہ کا آزمودہ ہے ۔

تلک عشرۃ کاملۃ ۔

(مجربات از جناب حکیم باواسوبھارام صاحب ۔)

برائے کاٹے بچھو ۔ نمک خوردنی ۲ رتی کو ۲ ماشہ پانی میں حل کرکے ماؤف طرف کے مخالف کان میں ڈالا جائے ۔ اور ساتھ ہی مریض سے پوچھا جائے ۔ کیا آرام ہو گیا ۔ انشاءاللہ تعالیٰ مریض کہے گا ۔ کہ مجھے آرام ہو گیا ہے ۔ کہ شاذ و نادر کوئی کہے ۔ کہ آرام نہیں ہوا ۔ تو دوسری دفعہ دوائی ڈال دیں ۔ میں اپنے تجربہ پر کہہ سکتا ہوں ۔ کہ مریض کبھی یہ نہیں

کہیگا۔ کہ مجھے آرام نہیں ہوا۔ بلکہ فوراً کہیگا۔ کہ مجھے آرام ہوگیا ہے۔ بہت مجرب المجرب ہے۔

برائے بخار ہر سوت ۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ تخم ہرمل ایک پاؤ۔ ایک سیر دودھ گاؤ میں گھوٹا جائے۔ یہاں تک گھوٹیں کہ خشک ہو جائے۔ اس سفوف کو محفوظ رکھیں۔ خوراک ایک رتی۔

ایضاً ۔ ہڑتال ورقیہ ایکتولہ۔ ترکیہ تین تولہ (فلفل سیاہ۔ زنجبیل۔ فلفل دراز) پانی میں گھوٹ کر حبوب کالی مرچ سی بنالیں۔ خوراک ایک گولی دودھ بکری کے ساتھ دیں۔

برائے درد کمر ۔ کشتہ کانسی۔ کانسی ایک تولہ۔ گندھک ڈنڈے مار دو تولہ۔

ترکیب ۔ نیچے ریت بچھا کر اوپر گندھک ایک تولہ بچھائیں۔ پھر کانسی ایک تولہ رکھ کر اوپر پھر گندھک بچھائیں۔ اس کے اوپر ریت بچھا دیں۔ پندرہ بیس سیر پاچکدستی کی آگ میں کشتہ قابل استعمال ہو جائیگا۔

نوٹ ۔ یہ کشتہ پھولیگا نہیں۔ مگر پیک ہو جائیگا۔ رنگ سیاہ ہوگا۔ اور یہ بلا ضرر استعمال کے قابل ہے۔ خوراک ۲ چاول سے ۴ چاول تک۔ در بتاشہ یا سکہ۔ اگر دوائی زیادہ دیدی۔ تو بخار ہو جائیگا۔ خیال رکھنا۔

برائے ملیریا فیور ۔ سنکھ سوختہ دو تولہ (سنکھ کو نقد آگ پر جلائیں) ہڑتال ورقیہ دو تولہ۔ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ سب کو کھرل میں ڈال کر پیس لیں۔ مغز کنوار گندل اسمیں اتنا ڈالیں۔ کہ ایک انگلی اوپر رہے۔ پھر کھرل کر کے خشک کریں۔ اور اسی طرح تین بار مغز کنوار گندل میں کھرل کر کے خشک کریں۔ پھر ٹکیہ بنا کر گز فٹ کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائیگا۔ خوراک نصف سے ایک رتی در بتاشہ یا منقی۔ اوپر دودھ گرم غذا دودھ چاول۔

(مجربات از جناب حکیم و ڈاکٹر محمد افضل صاحب زبدۃ الحکما لاہور)

(۱) **اکسیر بواسیر** ۔ حب مقل۔ (قرابادین قادری کا نسخہ) ہمراہ مناسب بدرقہ جات کے استعمال کریں۔ طریق استعمال یہ ہے۔ کہ ۶ ماشہ صبح اور ۶ ماشہ شام کو بعد غذا سوتی دفعہ استعمال کرائیں۔ قبض اور بواسیر کے خون اور خود بواسیر کیلئے مفید ہے۔

نسخہ میں حسب ضرورت کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ مثلاً اگر بواسیر بادی ہے تو اسمیں قابض ادویہ کی مقدار زیادہ کریں۔ اور اگر بواسیر خونی ہو۔ تو اس میں خون روکنے والی ادویہ کی مقدار زیادہ کردیں۔ حب مقل ہمیشہ تازہ بنا کر استعمال کرائیں۔

مسوں کو مفصلہ ذیل مرہم مفید ہے ۔ پیاز کا چھلکا جلا کر اسمیں مکھن ملا کر کانسی کے برتن میں نیم کے ڈنڈے کے ساتھ خوب رگڑیں۔ اور نیم کے ڈنڈے کے منہ پر اگر سکہ شاہی پیسہ لگالیں۔ تو بہتر ہے۔

۲۔ موتیا بند ۔ پانچ مریضوں میں کامیابی کے ساتھ تجربہ کیا۔ سنریریا مارٹیما۔ Cineraria Maritima ۔ امریکن دوائی ہومیوپیتھک ہے۔

طریق استعمال ۔ اگر مریض کو آنکھ میں کوئی اور تکلیف ہو۔ تو ڈراپر سے ایک قطرہ آنکھ ماؤف میں دن میں ایک دفعہ ڈال لیا کریں۔ لیکن اگر آپ دیکھیں۔ کہ تکلیف ہوتی ہے۔ تو دوائی کو ڈائیلوٹ کرنا بہتر ہوگا۔ یعنی ایک تولہ دوائی ہوتی ہے۔ اسمیں ایک تولہ [illegible] اس کو [illegible] ڈال کر استعمال کریں۔

۳۔ آشوب چشم کیلئے ۔ جب کہ [illegible] ہو تو میں نے کئی مریضوں پر استعمال کیا ہے۔ کہ شیاف احمر سوزش کو دور کرتا ہے۔ علاوہ ازیں اگر سوزش زیادہ ہو تو پہلے ڈوشنا۔ مدر ٹنکچر ہومیو کے دو قطرے چھٹانک بھر پانی میں ڈال کر آنکھوں کو دو تین وقت دھو دیں۔ اور ہوا سے بچائیں۔ اگر آنکھوں سے پانی زیادہ بہتا ہو۔ تو اس حالت میں یوفریشیا ہومیو مدر ٹنکچر کے دو قطرے گرم پانی میں ڈال کر آنکھوں کو دھوئیں۔

۴۔ قروح القرنیہ کیلئے ۔ ایسیرین نہایت مفید دوائی ہے۔ ایسیرین ایک گرین ۲ تولہ گلاب میں حل کر کے آنکھ ماؤف میں ایک قطرہ ڈال لیں۔ اور اوپر سرمہ کی پوٹلی باندھیں۔ تاکہ ابھرا ہوا حصہ اندر چلا جائے۔ شیاف احمر وغیرہ متواتر استعمال کریں۔ ضرورت کے مطابق انڈے کی سفیدی استعمال کریں۔ درد کو فوراً آرام ہوگا۔

تجربات جناب حکیم پنڈت مولراج صاحب وئید امرتسری۔

یہ ویدک کا ایک سب سے بڑا بھاری اور زود اثر (تتولا) پرسرسوں جانے والا نسخہ ہے۔ امراض ذیل سے امراض میں ضرور مفید ہوتا ہے۔ یعنے بھوک بڑھانیکو آم ورت۔ جو شخص بہت موٹا ہو گیا ہو۔ اُسکو مضبوط اور ہلکا کرتا ہے اور جو کمزور ہو۔ اُس کو مضبوط و طاقت ور بنا دیتا ہے۔ اور ہضم کرنے کی طاقت از حد پیدا کرتا ہے وغیرہ۔

صفت:۔ شدھ گندھک آملہ سار پانچ حصہ۔ پارہ مصفیٰ اڑھائی حصہ۔ تامر بھسم پانچ حصہ۔ لوہا بھسم دو حصہ۔ ان کو کھرل میں ڈالکر کھرل کریں۔ جب خوب کھرل ہو جاوے۔ تو آگ پر پگھلا دیں۔ جب ٹھیک پگھل جاوے۔ تو ارنڈ کے پتوں پر ڈالے باریک پتر کریں۔ پھر اوتار کر ذیل کی ادویہ کا کاڑھا کر کے اس میں ڈال کر سکھا دیں پھر ڈالیں۔ غرضیکہ سو بار وقفہ ایسا عمل کریں۔ ادویہ ذیل پیپل۔ پیپلا مول۔ چیتہ چترا۔ سونٹھ۔ پھر بجوڑ کے رس کی بھاونا دیویں۔ پھر گلو کی رس کی بھاونا دیویں پھر جب خشک ہو جاوے۔ تو ان کی ادویہ ڈالکر کھرل کرتے رہیں۔ یعنے جب کہ بھی کسی [illegible] تو اس وقت [illegible] سہاگہ سفید ڈالے اور سونا کی نصف تک اور برابر تک کے کالی مرچ و سونٹھ۔ پیپل۔ ترپھلا۔ لونگ۔ کو خوب کھرل کرلیجئے خوراک زیادہ سے زیادہ ۴ رتی تک ہے۔

۲۔ معجون قبض کشا۔ جو کہ اگر تپ میں بھی دیا جاوے۔ تو بھی قبض کشا ہے۔ میل خارج کرتا ہے۔

صفت:۔ تربد سفید مقشر ۸ تولہ۔ سقمونیا انگریزی ۲ تولہ۔ پیپل ۹ ماشہ۔ مرچ ۹ ماشہ۔ سونٹھ ۹ ماشہ۔ جاوتری ۲ ماشہ۔ گلقند ۷ تولہ۔ دیگر حسب ضرورت معجون بنائیں خوراک ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک ہے۔

۳۔ نسخہ تپ دق۔ درجہ اول و دوئم۔ یہ نسخہ میرے ایک دوست ڈاکٹر صاحب کا آزمودہ ہے۔ چونکہ یہ نسخہ ڈاکٹر صاحب کا بہت مشہور معروف تھا۔ اور لوگ دور دراز سے آکر خرید کرتے تھے۔ اسواسطے میں نے ڈاکٹر صاحب سے یہ نسخہ اس شرط پر لیا ہے۔ کہ رسالہ تبصرۃ الاطبا شاہدرہ میں مشتہر کراؤنگا۔

اُمید ہے۔ کہ ناظرین اس نسخہ کو استعمال کر کے مریضوں کو فائدہ پہنچائیں گے۔ اور اس کے نتائج اور فوائد سے اپنے تجربات کی بنا پر مزید روشنی ڈالیں گے۔

صفت:۔ سولوشن آیوڈین یعنے ٹنکچر آیوڈین۔ جو کہ ریکٹی فائڈ سپرٹ میں تیار ہوتی ہے۔ ۸ ڈرام۔ کریوزوٹ ۲ ڈرام۔ ٹرپنٹائن آئل ایک ڈرام۔ تیل لونگ ۱ ڈرام۔ پیرافینی لیکویڈ ایک پونڈ۔ آئل پیپرمنٹ ۱۰ بوند۔ اس کو ملا کر رکھو۔ خوراک ایک چمچہ بھر صبح۔ ایک چمچہ بھر رات کو سوتے وقت منہ میں ڈال لو۔

۲۔ اکثر عورتیں جب بچہ پیدا کر چکتی ہیں۔ تو بوجہ بدپرہیزی اُن کے پیٹ بڑھ جاتے ہیں۔ چونکہ پانی اُن دنوں کثرت سے پیوے۔ تو یہ نسخہ زیادہ سے زیادہ دو ہفتہ میں درست کر دیتا ہے۔

صفت:۔ مرچ سیاہ۔ پیپل۔ پیپلا مول۔ چوہ۔ چترا۔ اسگند ملانی بوٹی۔ ناگرموتھا۔ وائیبڑنگ۔ دیودار۔ ترپھلا و ہرڑ۔ بہیڑا۔ آملہ۔ کٹھ۔ مرکی۔ سونف۔ گج پیپل۔ اندرجو۔ ہر ایک ۳ ماشہ۔ تربد ۱۰ ماشہ۔ قند سیاہ کہنہ سب کے برابر وزن ملا کر چنے کے برابر گولیاں بناویں۔ خوراک گولیاں پونے دو ماشہ تک دو وقت ایک دو ہفتہ تک بالکل آرام ہو جائیگا۔

تجربات جناب حکیم غریب داس صاحب حکیم حاذق (ایل۔ پی۔ ایم)
بمقام شانتی نگر۔ ملتان۔

۱۔ علاوہ دافع نزلہ آنکھوں سے پانی جانا۔ کمزوری دماغ درد کمر نقاہت و منی جریان وغیرہ۔ قوت باہ کو مفید مجرب پایا گیا ہے۔

صفت۔ دال ماش ایک سیر یا حسب منشاء لیکر عرق مکھی بھول سے خوب دوپہر تک تر کریں۔ بعد جذب ہونیکے دودھ کی ڈنڈے سے خوب گھوٹکر ٹکیاں بنا لیویں۔ بعد گھی تقریب ایک سیر میں خوب بریاں کریں۔ کہ کچا نہ رہ جاوے۔ پھر متفرقات ملا کر ہر صبح آگ پر گرم کر کے ایک تولہ سے دو تولہ تک استعمال کریں۔ بنا کر لوگوں کو دیتا ہوں۔ لیکن موسم گرما میں پھلی لیکر کو بھی بھگو کر عرق گھوٹکر حاصل کر لیں۔ اکثر ایسا ہی کرتا ہوں۔ نزلہ کمزوری وغیرہ کیلئے مفید ہے۔

۲۔ ملیریا بخار کے لئے ان دنوں میرا طریق علاج یہ ہے بعض مریضوں کو ابتایا پیچکاری کرتا ہوں۔ جس سے سخت سدے خارج ہو کر بخار حرارت ہذیانی وغیرہ کم ہو جاتے ہیں۔ ساتھ ہی پسینہ آور دوائی دے دیتا ہوں۔ بخار گھنٹوں میں اتر کر دوبارہ ایک یا دو حملہ کر کے دور ہو جاتا ہے۔

اس طریقہ علاج سے میں نے بہت فایدہ اٹھایا ہے۔ قبض کو اول دور کرنا بھی مفید ثابت ہوا۔

۳۔ برائے سرخی چشم پانی جانا۔ درد ٹیس۔ سبل سفید (پھولا) دھند وغیرہ کو مفید ہے۔

صفت۔ قلمی شورہ ایک تولہ۔ ڈنڈا گیکر میں پیسہ کاڑ دیں۔ پھر عرق برگ سرس ایک چھٹانک نکالکر کھرل کریں۔ دو تین دن تمام عوارض دور ہو جاتے ہیں۔

۴۔ برائے چنبل انگلی یا کچھرالی وغیرہ کیلئے ورم وغیرہ کو بھی مفید ہے

گھیکوار کا گودہ نیم گرم کر کے درد والی جگہ پر باندھ دیں۔ دو تین دفعہ اوپر باندھیں۔ درد میں بند ہو کر یا تو نیچے ہی اکثر بیٹھ جاتے ہیں۔ یا پھوٹ آتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

۵۔ درد کمر وغیرہ وجع الفواد کیلئے مفید ہے۔ نسخہ عرق اجوائن ۱ تولہ [illegible] ست اجوائن۔ ست پودینہ کافور دیسی۔ اسپرٹ وغیرہ کا تیار کیا ہوا نسخہ ۲ بوند تک ڈالکر پلا دیں اور درد والی جگہ پر تخم سرسوں یا تخم اول کا لیپ کر دیں۔ ہر جگہ مفید پایا گیا ہے۔ خطا نہیں۔

۶۔ ڈبہ اطفال۔ نمونیا۔ ریگن باد وعرق النساء وجع المفاصل وغیرہ کو از حد مفید پایا ہے۔

صفت۔ کشتہ بارہ سنگا۔ تین چار دفعہ دودھ مدار میں کھرل کر کے سکھا کر آگ دیتے جائیں۔ بس تیار ہے۔ خوراک ایک رتی تک ڈبہ اطفال نمونیہ میں ۲ رتی تک کھانڈ ملا کر گھنٹہ دو دو گھنٹہ بعد عرق سونف سے دیتے جاویں۔

عرق النساء وغیرہ کیلئے آب تر پھلہ جوشیدہ سے ایک رتی سے ۲ رتی تک استعمال کریں۔ بہت مریضوں کو دیکر فائدہ پہنچایا ہے۔

۷۔ پہلے سینگ کو جلا کر کوئلہ کر دیں۔ یا سینگ پر اجوائن وقلمی شورہ کا لیپ کر کے

۷۔ نسخہ مکھی مارے۔ مکھیاں بہت سی امراض کا باعث ہوتی ہیں۔ اسواسطے ان کا دفعیہ ضروری ہے۔ یہ نسخہ بنا کر مکھیوں سے نجات حاصل کریں۔ دودھ ۸ اونس یا ملائی دودھ بھی لے سکتے ہیں۔ پانی ۸ اونس۔ مارفینیا ۱ اونس۔ تینوں چیزوں کو ملا کر بلاؤ بعد اسکو اتھلی تشتریوں میں رکھدیں جن کے بیچ میں روئی کا ایک ایک ٹکڑا ہو۔ بعد اس کے آپ دیکھیں گے۔

بارہ گھنٹے کے اندر کئی ہزار مکھیاں مر جائیں گی۔ بعد پھر بدل دیں۔ اسی طرح جب ضرورت ہو۔ تبدیل کر لیویں۔

(مجربات جناب قاضی نور احمد صاحب خادم الاطباء جمبر ل شیخوپورہ)

برائے وجع المفاصل۔ گوگل بھینسا تولہ۔ مگھاں ۶ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۶ ماشہ سب ادویہ کو باریک پیس کر سات عدد حبوب بنا دیں۔

ترکیب استعمال۔ ایک قلعی دار برتن میں تین سیر پختہ پانی ڈال کر اس میں ۲ تولہ مصری ۲ تولہ روغن زرد اور ایک گولی مذکورہ ڈالکر پکا دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جاوے تو [illegible] کے وقت کیا جاوے اور [illegible] پہ [illegible] جاوے اور ایک مکان میں جو زیادہ ہوا دار نہ ہو۔ داخل کر دیویں۔ ساری رات باہر نکلنے دیں۔ اور اگر پیاس کی ضرورت ہو۔ تو ہرگز پانی نہ دیویں۔ صرف دودھ گرم دے سکتے ہیں۔ ترش اشیاء سے پرہیز۔ غذا مرغن ہے۔ اور ہر روز یہ عمل کیا جاوے۔ صرف سات یوم۔ مجرب ہے۔

برائے قوت باہ۔ سیماب تولہ۔ شنگرف رومی تولہ۔ سم الفار سفید تولہ۔ افیون تولہ۔ ورق نقرہ تولہ۔ سب ادویہ کو پورا چالیس پہر کھرل کریں۔ خوراک ہر صورت میں نصف رتی سے کم ہو۔ اور بوقت صبح مسکہ گاؤ ۵ تولہ میں رکھ کر کھلا دی جاوے۔

باقی آئندہ

جواب طلب امور کیلئے جوابی کارڈ یا لفافہ آنا چاہئے۔ ورنہ عدم تعمیل کی شکایت معاف۔ (مینجر)

جادو کا اثر کرتا ہے۔ دیگر دردوں پر اس کے روغن کی مالش کرنا از حد مفید ہے۔ گندے زخموں کو اس کے مطبوخ سے دھو کر اس کا روغن لگانا از بس مفید ہے اگر اس کے سفوف کو پانی کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنا کر چہارم والی عورت کو روزانہ ایک گولی دی جاوے۔ تو عجیب فائدہ دیکھاتی ہے۔

سفوف۔ خشک برگ و شاخ حسب ضرورت لیکر پیس لیں۔ بس سفوف تیار ہے۔

مطبوخ۔ ایک پاؤ خشک برگ و شاخ تین سیر پانی میں پکاویں۔ جب تیسرا حصہ پانی خشک ہو جاوے۔ سرد کرکے کام میں لاویں۔ خوراک نصف چھٹانک سے ایک چھٹانک

روغن۔ ایک پاؤ خشک برگ و شاخ تین سیر پانی میں پکاویں۔ جب تیسرا حصہ پانی رہ جاوے۔ تو اُتار کر سرد کریں۔ اور چھان کر ایک سیر روغن کنجد میں ملا کر بدستور آتش پر رکھ آب جذب کر کے استعمال میں لاویں۔

(تجربات از جناب پنڈت میلا رام صاحب حکیم۔ از بہڑالہ کلاں ضلع ہوشیارپور)
(ممبر انجمن خادم الحکمت شاہدرہ)

(۱) کاپھل۔ زنجبیل۔ پہکر مول۔ کنکڑا سنگی۔ بہاڑنگی۔ دارفلفل۔ سادی نوشادر ہر [illegible] حصہ باریک پیسکر سہ چند شہد خالص میں ملاؤ۔

فوائد۔ [illegible] ربوا میں [illegible] از حد مفید ہے۔ ایک دن اور رات میں ایک تولہ تک چٹانا۔ چند دفعہ ہر عمر میں مفید۔ بچوں کے اقسام اسہال میں دی جاتی ہے۔ اگر ہمراہ بخار ہو۔ تو اتیس ملانا چاہئے۔ خوراک ۶ ماشہ تا ۱ تولہ

(۲) اکسیر نزلہ عدا ۱۔ بیش مدبر ۱ تولہ۔ جائفل ۱ تولہ۔ بزرالبنج ۱ تولہ۔ جوتری ۶ ماشہ۔ زعفران عمدہ ۳ ماشہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ کشتہ عقیق ۱ تولہ۔ افیون ۳ ماشہ عرق گلاب میں کھرل کرکے حبوب بقدر ½ رتی بناؤ۔

فوائد۔ نزلہ۔ سعال۔ سرعت۔ جریان۔ اسہال۔ زحیر۔ کیسا ہی نزلہ ہو ایک ہی گولی سے بند ہو جاتا ہے۔ ۲۴ گھنٹہ کے اندر چار گولی سے زیادہ نہ دو۔ بیش زہر ہے [illegible] سوچ استعمال نہ کریں۔

(۳) اکسیر مبارکی۔ کشتہ سنجرف [illegible] ۲ تولہ۔ ست [illegible] ۲ تولہ [illegible]

(از جناب حکیم قاضی نور احمد صاحب جھبراں۔ ضلع شیخوپورہ)

خواص ہلہل

ہلہل۔ جس کو دیہاتی لوگ بو بگلی بوٹی کہتے ہیں۔

پیدائش۔ ماہ ساون میں خودرو ہوتی ہے۔ اور کلراٹھی زمین اور کپاس کے کھیتوں میں عام دستیاب ہوتی ہے۔

ماہیت۔ [illegible] س کا درخت گز یا اس سے کم و بیش تنہ و شاخیں دار ہر ایک شاخ سے دو تین ڈنٹھل نکلتے ہیں۔ جن میں پتیاں لگتی ہیں۔ پتیاں پھٹی ہوئی ہوتی ہیں بعض درختوں کے پتوں میں تین انشقاق بعض میں چار ہوتے ہیں۔ بلکہ سونگھنے سے سخت بدبو آتی ہے۔ شاخ کو توڑنے سے باریک دھاگے کی طرح ریشے نکلتے ہیں اور پھول اس کے زرد یا سفید ہوتے ہیں۔ اس کے درخت میں پھلیاں ماش کی طرح پتلی لگتی ہیں۔ جن کا منہ سید ہا اوپر کو ہوتا ہے۔ اور بیج برابر رائی کے ہوتے ہیں۔ جو پختہ ہونے کے بعد سیاہ رنگ کے ہو جاتے ہیں۔

اقسام۔ [illegible] سفید۔ سرخ [illegible] پھول والی۔ سیاہ۔ سرخ عام دستیاب ہوتی ہے۔

ذائقہ تلخ اور بودار

حصص مستعملہ۔ پتے اور شاخیں۔

افعال و خواص۔ مصفی خون۔ دافع عفونت۔ قاتل کرم۔ مانع نوبت تپ۔ محرک اعصاب مقوی معدہ و جگر۔

طریق استعمال۔ سفوف۔ مطبوخ۔ روغن۔

وزن خوراک۔ سبز ۶ ماشہ۔ خشک ۳ ماشہ۔

مواقعہ استعمال۔ وجع المفاصل۔ درد اعصابی۔ درد کان بوجہ کرم و ثبور درد دانت بوجہ کرم۔ کرم معدہ۔ دیدان۔ نوبتی تپ۔ گندے زخم ہر قسم۔

طریق استعمال درد دانت اور کرم معدہ دیدان نوبتی تپ میں بطور سفوف ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔ درد کان میں اس کے روغن کے ایک دو قطرہ نیم گرم ڈالنا [illegible]

بیخ اندرائن کو کوٹ کر عرق گلاب یا پانی میں ... آگ پر رکھیں۔ جب جل کر نصف رہ جائے۔ تو اُتار کر ملکر چھانیں۔ اور نوشادر ملاکر مکرر آگ پر رکھیں۔ جب پانی سوختہ ہو کر صرف نوشادر بصورت لعاب رہ جائے تو اُتار کر سرد و خشک ہو جانے پر پیس کر نگاہ رکھیں۔

عند الضرورت ۲ رتی دو قطرہ شہد میں ملاکر بچہ کو چٹائیں۔ انشاء اللہ بوجہ گرہ (اور اس کے متعلق تمام بیماریاں جو آخر میں بڑی بڑی خطرناک صورتیں اختیار کرتی ہیں) دور ہو کر طبیعت بحال ہو جائے گی۔ کھل کر اجابت ہو گی۔ خرابیٔ خون وغیرہ بھی جو ہو گی۔ اس کا ازالہ ہونے کے علاوہ بہت سے امراض سے حفاظت رہیگی۔ نسخہ کیا ہے۔ بچوں کی روح روان ہے۔

(۵) دافعہ پیچش خون آنون طفلاں۔ تجربہ شدہ۔ مرض کی انتہائی حالت میں خصوصیت سے مفید اور تیر بہدف ہے

صفت۔ کشنیز خشک۔ بیلگری۔ سال(?)۔ پوست (خشخاش) گل دھاوا۔ شکرتری ہم وزن لیکر کوٹ چھان کر ۱-۱ ماشہ دن میں ۳ بار دہی میں ملاکر چٹا دیں۔ اگر چاٹ نہ سکے۔ تو تھوڑے آب زلال کی آمیزش سے استعمال کریں۔ بصورت کھانسی دہی سے پرہیز کریں۔ اور [illegible]

(۶) سفوف کشمیر(?)۔ بچوں کے ہیضہ کے لئے اکسیر اعظم سے کم نہیں۔ میں نے اس کا بچوں کی آخری خطرناک حالت میں ایک معجزنما اثر دیکھا ہے۔ میں اس کی تاثیر کا اسقدر قائل ہوں۔ کہ ایسی حالت میں بلا سوچے سمجھے آنکھیں بند کر کے دے دیتا ہوں۔ نسخہ مبارک ملاحظہ ہو۔

صفت۔ سفوف مفرح ۳ ماشہ۔ سفوف سی مثہ ۲ رتی باہم ملاکر حسب سن بچہ ۲ تا ۴ رتی۔ ہمراہ عرق گلاب۔ عرق بہار۔ سکنجبین لیموں یا عرق بید مشک کیوڑہ ہر پانچ پانچ منٹ کے بعد دیتے جائیں۔ حتیٰ کہ بچہ کو نیند آ جائے۔

(۷) حب سیکران تنگرفی بہ نسخہ جدیدہ۔ دافع درد مفاصل۔ مقوی باہ دافع جریان و سرعت و احتلام کھانسی وغیرہ وغیرہ۔ علاوہ ازیں قوت امساک کی محافظ ہیں(?)۔

صفت۔ شنگرف ا تولہ سالم ڈلی لیکر کڑچھ آہنی میں رکھکر آگ پر رکھیں۔ اور نیم پاؤ آب برگ بکائن کا چواتے دیں۔ جب خشک ہو جائے۔ تو ڈلی کو الگ کر کے قدرے گھی میں بریاں کریں۔

پس شنگرف مذکور ایک تولہ۔ جائفل۔ سونٹھ مکرا تولہ۔ تخم اجوائن۔ تخم دھتورہ ½ تولہ بطریق معروف حبوب نخودی تیار کریں۔ تقویت باہ و امساک کیلئے دو گولی شیر گاؤ کے ساتھ کھانسی وغیرہ کے لئے پانی چائے سے استعمال کریں۔

نوٹ۔ شنگرف کی ڈلی پر کچے ریشم کا دھاگا لپیٹ دینا چاہیے۔ تاکہ منتشر نہ ہونے پائے

(۸) اکسیر لیکوریا۔ (جریان الرحم) کہربا ا تولہ۔ برادہ چاندی یا ورق نقرہ ا تولہ آب گنوار میں کھرل کر کے ۵ سیر کی آگ دیں۔ نکالکر مکرر گنوار میں کھرل کر کے آگ دیں۔ علیٰ ہذا تیسری بار بس تیار ہوگا۔ خوراک ا چاول سے ا رتی ہمراہ مربہ بہی۔ مربہ پیٹھہ مربہ سیب وغیرہ وغیرہ دن میں دو بار یہ نسخہ مجھ کو مکرمی جناب حکیم عبدالحق صاحب طبیب شاہی کپور تھلہ نے عطا فرمایا تھا۔ جو تجربہ میں نہایت ہی مفید اور تیر بہدف ثابت ہوا ہے جس کے لیے میں ان کا دل سے مشکور ہوں(?)

(۹) پیام صحت۔ نزلہ و زکام دائمی کی ایک منتخب دوا۔ جس کا نسخہ احقر کو اپنے ایک نہایت مکرم دوست بابو محمد سعید صاحب لاہوری نے عطا فرمایا تھا۔ اور تجربہ نے اس پر مہر تصدیق ثبت کی۔ ناظرین تبصرہ کی ضیافت کیلئے پیش خدمت ہے۔

صفت۔ پان بنگلہ ۵۰ عدد۔ لونگ ۵ عدد۔ افیون نصف رتی۔ زعفران ۱ ماشہ۔ سب کو باریک پیسیں۔ اور تو ہم جو بی بننے پر حب نخودی تیار کر لیں۔ اور ان گولیوں کو روغن گاؤ میں بریاں کر لیں۔ پھر گولیاں علیحدہ روغن علیحدہ رکھیں۔ صبح و شام دو دو گولی کھائیں۔ اور سوتے وقت کچھ تیل مذکور ناک میں ڈال کر اوپر کو کھینچ لیا کریں۔ چند روز کے استعمال سے ہمیشہ کیلئے اس موذی مرض سے نجات ہو جائیگی۔ نہایت ہی مجرب اور زود اثر نسخہ ہے۔

ع۔ گر قبول افتد زہے عز و شرف

مجربات از جناب قاضی محمد غوث از گولڑہ ۔ گجرات

۱۔ سفوف برائے تپ لرزہ مجرب ۔ مرچ سیاہ ۔ پیپل ۔ کلونجی ۔ گل چرائتہ ۔ گیرو ۔ ہر ایک چھ چھ ماشہ ۔ برگ بھنگ ا تولہ ۔ سب کو باریک کرکے سفوف تیار کریں ۔ خوراک ۱ ماشہ قبل از بخار ہمراہ سرد آب یا ہمراہ عرق یا شربت ۔

۲۔ ایضاً ۔ کونکار ۔ بقدر مناسب لیکر باریک کرکے چہارم پھٹکری بریاں ملاکر قدر ۱ ماشہ پیشتر از بخار اگر مریض کو قبض ہو ۔ تو اول رفع کیا جاوے ۔

۳۔ برائے بخار کشتہ ہڑتال ورقی ۔ ہڑتال ورقی چار پانچ تولہ کو پیشہ درمیانہ میں داخل کرکے گلحکمت کیا جاوے ۔ اور پاچکدشتی میں جو بقدر تیس ۳۰ اثار ہوں ۔ ایک گڑھا میں آگ دی جاوے ۔ کشتہ ہڑتال رنگ سفید ہوگا ۔ بقدر ایک رتی پتاشہ میں استعمال کریں ۔

(نوٹ) آگ بقدر مناسب پیشہ کی چاہئے ۔ جس میں وہ پیشہ کا پانی خشک ہو جاوے اور زیادہ جل نہ جاوے ۔

۴۔ برائے آتشک ۔ مجرب ۔ [illegible] مستعمل ہے ۔ بدن [illegible] ماشہ ہو جاتا ہے ۔

رسکپور ۲ ماشہ ۔ دارچینہ ۲ ماشہ ۔ لونگ ۲ ماشہ ۔ دارچینی ۲ ماشہ ۔ دانہ الائچی خورد ۲ ماشہ ۔ مغز حب الملوک جو دو ماشہ ۔ شراب ایکپاؤ ۔ ان ادویات کو باریک کرکے کھرل کریں ۔ تاکہ شراب خشک ہو جاوے ۔ تو گولیاں ڈیڑھ ڈیڑھ رتی کی بنائی جائیں ۔ ایک گولی ہمراہ ... یا ہمراہ ۵ تولہ بالائی شیر نوش کرائیں ۔ اگر شراب سے پرہیز ہو ۔ تو بجائے اس کے آب ادرک چاہئے ۔

۵۔ برائے استسقاء ۔ ... ۲ ماشہ ۔ اکرکس ۲ ماشہ ۔ مویرس ۲ ماشہ ۔ سہاگہ ... کتھ سفید ۲ ماشہ ۔ سنگدانہ ۲ ماشہ ۔ مازو ۲ ماشہ ۔ رال سفید ۲ ماشہ سب کو باریک کرکے بقدر چار ماشہ صبح و بقدر چار ماشہ شام ہمراہ آب افشردہ برگ مٹیان ۔ کہ قدرے مصری ملاکر استعمال کرائیں ۔

۶۔ برائے نفث الدم ۔ سنگجراحت نیم سیر نگدہ بوٹی ہاتی سنڈی نیم سیر میں

رکھ کر قدرے گل حکمت کرکے پندرہ بیس ۲۰ آثار پاچکدشتی میں پھونک دیں ۔ بعد سرد ہونے کے نکال کر کشتہ اور گیرو ۔ برابر وزن ملا کر ہمراہ شربت ... حب الآس ۔ یا شربت انجبار بقدر مناسب استعمال کرادیں ۔

(مجربات) حکیم لالہ ریلداس صاحب

۱۔ کشتہ ابرک ۔ ابرک قند سیاہ ۔ نمک ہموزن کھرل کریں ۔ بعدہٗ گل حکمت کرکے تین گھنٹے کوئلوں کی آنچ دیں ۔ سرد ہونے پر نکال کر پانی سے دھو لیویں ۔ خشک کرکے ... دن کھرل کریں ۔ خشک ہونے پر ۲۰ سیر اُپلوں کی آنچ دیویں ۔ برنگ سرخ ہوگا ۔

۲۔ کھانسی کہنہ ۔ جو کو باریک کوٹ کر کپڑ چھان کریں ۔ اور اس کو آک کے دودھ میں گوندھ کر توے پر کوئلہ کریں ۔ کوٹ کر کپڑ چھان کریں ۔ ایک رتی خوراک شہد کے ساتھ ۔

۳۔ بخار نوبتی ۔ دھتورے کے پتے خشک ... پر کریں کوٹ کر کپڑ چھان کرکے نوبت ... پانی سے دیں ۔ بخار ... ہوگا ۔ لیکن پہلے قبض دور کرلیویں

۴۔ برائے وضع حمل ۔ پھٹکنڈے کی جڑ کمر کے ساتھ باندھیں ۔ بچہ پیدا ہوگا

مجربات از جناب حکیم سید صید نور صاحب ۔ جلالپور جٹاں ضلع گجرات

برائے قوت باہ ۔ عاقر قرحا ۳ ماشہ ۔ زعفران عمدہ کشمیری ۳ ماشہ جوز بویہ ۲ ماشہ ۔ شنگرف رومی ۲ ماشہ ۔ قرنفل ۳ ماشہ ۔ دارچینی ۲ ماشہ ۔ افیون ۵ ماشہ ۔ بہدانہ تولہ ۔ بیجبند تولہ ۔ تالمکھانہ تولہ ۔ ریشہ برگد ۳ ماشہ شیر برگد یا انجیر میں حبوب بقدر کنار دشتی بنائیں ۔ اور آزمائیں ۔

تمام شد